E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com...... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS — ABC Certified

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

روزنامہ پبلک فیصل آباد

ایڈیٹرانچیف وسیم احمد

جلد 24 | منگل 6 اکتوبر 2026ء / 23 ربیع الثانی 1448ھ / قیمت 10 روپے | شمارہ 237

حکومت چاہے تو علامہ راجا ناصر عباس اور محمود اچکزئی سے رابطہ کرسکتی ہے، رابطے کے کئی ذرائع موجود ہیں۔

پی ٹی آئی نے حکومت سے دوبارہ بات چیت کا عندیہ دیدیا

مذاکرات دوبارہ کسی بھی وقت ہوسکتے ہیں اگر نیت ہو تو بات چیت کیلئے بہت سے طریقے ہیں، لانگ مارچ کے دوران بھی مذاکرات ممکن ہیں

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات، ان کی صحت سے متعلق معاملات اور خیبرپختونخوا میں دہشت گردی کے لائحہ عمل سمیت اصولی موقف پر بات ہو تو مذاکرات دوبارہ شروع ہوسکتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات ختم ہونے کے باوجود پی ٹی آئی نے دوبارہ بات چیت کا دروازہ کھلا رکھنے کا عندیہ دے دیا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے مذاکراتی کمیٹی کے رکن سلمان اکرم راجا نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات، ان کی صحت سے متعلق معاملات اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے لائحہ عمل سمیت اصولی موقف پر بات ہو تو مذاکرات دوبارہ شروع ہوسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت چاہے تو علامہ راجا ناصر عباس اور محمود اچکزئی سے رابطہ کرسکتی ہے۔ رابطے کے کئی ذرائع موجود ہیں۔ سلمان اکرم راجا نے کہا کہ مذاکرات دوبارہ کسی بھی وقت ہوسکتے ہیں اگر نیت ہو تو بات چیت کیلئے بہت سے طریقے ہیں، لانگ مارچ کے دوران بھی مذاکرات ممکن ہیں۔

بیرسٹر گوہر اور علی ظفر وضع دار لوگ ہیں، اپنی بات پر کھڑے ہونیوالے ہیں، وزیراعلیٰ سہیل آفریدی دہشتگردی کے سب سے بڑے سپورٹر ہیں،

دہشت گردی کے مسئلے پر مذاکرات میں ناکامی ہوئی: عطا تارڑ

بانی پی ٹی آئی کا آئیڈیل بلڈ پریشر ہے، بانی پی ٹی آئی کیلئے لندن سے ڈاکٹر بلانے کے حوالے سے افواہیں ہیں، بانی پی ٹی آئی کی صحت کا کوئی مسئلہ سامنے نہیں آیا

پی ٹی آئی کو پاکستان سے زیادہ افغانستان عزیز ہے، یہ انسان کہلانے کے لائق نہیں، وفاقی وزیراطلاعات کی نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ دہشتگردی کے مسئلے پر مذاکرات میں ناکامی ہوئی، ملاقات کے معاملے پر مذاکرات ناکام نہیں ہوئے، پی ٹی آئی کو پاکستان سے زیادہ افغانستان عزیز ہے، یہ انسان کہلانے کے لائق نہیں۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہو سکتا ہے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کرا دی جاتی، ملاقات بہت چھوٹی چیز ہے، مسئلہ دہشتگردی اور ان ہزاروں افراد کا ہے جنہیں شہید کیا جا رہا ہے۔ عطا تارڑ نے کہا کہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 23)



وزیراعظم محمد شہباز شریف سے پولینڈ کے وزیر برائے کابینہ اور کوآرڈینیٹر برائے خصوصی خدمات ماسیئج سیمونیاک ملاقات کر رہے ہیں

اساتذہ کا عالمی دن، سی ٹی او راولپنڈی کا معلم اعظم حضرت محمد ﷺ پر کروڑوں درود وسلام

راولپنڈی (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم نے اساتذہ کے عالمی دن کے موقع پر معلم اعظم حضرت محمد ﷺ پر کروڑوں درود و سلام پیش کیا ہے۔ اپنے جاری پیغام میں سی ٹی او فرحان اسلم نے کہا کہ اساتذہ کے عالمی دن پر ان کے اخلاص، لگن اور محنت کو سراہتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ استاد کا مرتبہ و عظمت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 1)

بانی پی ٹی آئی کے بغیر کوئی فیصلہ نہیں کریں گے، سلمان اکرم راجہ

مذاکرات والے روز حکومت سے دو اہم نکات پر بات چیت ختم ہوگئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کے بغیر کوئی فیصلہ نہیں کریں گے، مذاکرات والے روز حکومت سے دو اہم نکات پر بات چیت ختم ہوگئی، ہم نے دو مطالبات مذاکرات میں رکھے جس پر حکومت آنے کو تیار نہیں تھی۔ پی ٹی آئی وکلا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 22)



لاہور: صوبائی وزیر صحت وایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

وزیراعظم وعدہ پورا کریں ورنہ ملتان سے دوبارہ لانگ مارچ شروع کریں گے، حافظ نعیم الرحمن

لانگ مارچ اور احتجاج ہر سیاسی جماعت کا حق اور جمہوری عمل کا حصہ ہے، حکومت کو پرامن احتجاج سے نہیں روکنا چاہیے

جماعت اسلامی نے 7 اکتوبر تک کا وقت اہل غزہ کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے مختص کیا ہے، اس کے بعد آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ فیول ریلیف پیکیج مسئلے کا حل نہیں، اصل حل پٹرولیم لیوی کا خاتمہ ہے، وزیراعظم شہباز شریف اپنا وعدہ پورا کریں ورنہ جماعت اسلامی دوبارہ ملتان سے لانگ مارچ شروع کردے گی، 7 اکتوبر کے بعد آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے۔ ادارہ نورحق کراچی میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے امریکا سے ٹیلی فونک رابطے کے دوران یقین (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2)

گاڑیوں کا دھواں کم کرنے کیلئے سکولوں میں کار پولنگ کا فیصلہ

کار پولنگ کے باعث طلبہ اور والدین پر اضافی مالی بوجھ نہیں ڈالا جائے گا۔

لاہور (این این آئی) لاہور میں سموگ کے تدارک کیلئے محکمہ ماحولیات نے سکولوں میں کار پولنگ کو فروغ دینے کی ہدایت کردی ہے۔ ڈی جی ماحولیات عبداللہ نیر شیخ نے ہدایت کی ہے کہ سکول انتظامیہ طلبہ، والدین اور سٹاف کے لئے کار پولنگ کے موثر انتظامات کرے جبکہ ایک ہی روٹ یا قریبی علاقوں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 21)



نارووال: وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال ٹیچرز ڈے پر اساتذہ میں سرٹیفکیٹ تقسیم کر رہے ہیں

ڈاکٹر ہونا ادویات فروخت کرنے کے لائسنس سے استثنا نہیں دیتا، وفاقی آئینی عدالت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا ہے کہ رجسٹرڈ میڈیکل پریکٹیشنر کا اپنے مریضوں کو ادویات تجویز یا فراہم کرنے کا اختیار اسے ادویات کی فروخت کے لیے قانونی لائسنس حاصل کرنے کی شرط سے مستثنیٰ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)

دہشتگردی کیخلاف پالیسی بنانے سے کس نے روکا؟ خواجہ آصف کا وزیراعلیٰ کے پی کے سے سوالنامہ جاری

تم خوارج کو خوارج کیوں نہیں کہتے اور ان خوارج کا نام لے کر ان کی مذمت کیوں نہیں کرتے؟ اس کے لئے کونسی پالیسی چاہیے؟

آپ نے آج تک کتنی مرتبہ افغان رجیم کا نام لیکر سرحدی خلاف ورزیوں پر احتجاج یا مذمت کی؟ وزیر دفاع کے سہیل آفریدی سے 8 سوال

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے پاکستان تحریک انصاف سے 8 سوالات کے جواب مانگ لئے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ آج تحریک انصاف کی یہ دلیل مسلسل سننے کو ملی کہ ہمیں دہشت گردی کے خلاف پالیسی بنانے نہیں دی گئی، اس جھوٹے دعوے پر میرے تحریک انصاف سے 8 بنیادی سوالات ہیں۔ خواجہ آصف نے پہلا سوال کیا کہ گزشتہ 13 سال سے خیبر پختونخوا میں آپ کی حکومت رہی، وفاق میں بھی آپ اقتدار میں رہے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 19)

ہاؤسنگ کے موجودہ مسائل کا حل مشترکہ ایکشن پلان سے ہی ممکن ہے، ریاض حسین پیرزادہ

حکومت، نجی شعبے اور تمام متعلقہ اداروں کو نیشنل ہاسنگ پالیسی پر موثر عملدرآمد کے لئے دستیاب وسائل بروئے کار لانے چاہئیں

پالیسی پر موثر عملدرآمد کے لئے تمام متعلقہ اداروں اور سٹیک ہولڈرز کو مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی، وفاقی وزیر کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس میاں ریاض حسین پیرزادہ نے کہا ہے کہ نیشنل ہاسنگ پالیسی 2025 وزیراعظم کے وژن کی عکاس ہے، پالیسی پر موثر عملدرآمد کے لئے تمام متعلقہ اداروں اور سٹیک ہولڈرز کو مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی۔ وہ پیر کو نیشنل ہاؤسنگ پالیسی 2025 کے اجرا کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے جو نیشنل یونیورسٹی آف سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی (نسٹ) اسلام آباد میں عالمی یوم آبادکاری کے موقع پر اقوام متحدہ کے ادارہ برائے انسانی آبادکاری (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4)

گاڑیوں کا دھواں کم کرنے کیلئے سکولوں میں کار پولنگ کا فیصلہ

کار پولنگ کے باعث طلبہ اور والدین پر اضافی مالی بوجھ نہیں ڈالا جائے گا

لاہور (این این آئی) لاہور میں سموگ کے تدارک کیلئے محکمہ ماحولیات نے سکولوں میں کار پولنگ کو فروغ دینے کی ہدایت کردی ہے۔ ڈی جی ماحولیات عبداللہ نیر شیخ نے ہدایت کی ہے کہ سکول انتظامیہ طلبہ، والدین اور سٹاف کے لئے کار پولنگ کے موثر انتظامات کرے جبکہ ایک ہی روٹ یا قریبی علاقوں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 20)

لاہور، مناواں میں دو سگی بہنوں کے قتل میں ملوث سفاک بھائی گرفتار

ملزم نے گھریلو رنجش کی بنا پر فائرنگ کرکے اپنی بہن شازیہ اور نیلم کو قتل کیا تھا، پولیس


لاہور (این این آئی) مناواں کے علاقے میں اپنی دو سگی بہنوں کو فائرنگ کرکے قتل کرنے والے سفاک ملزم کو پولیس نے گرفتار کرلیا۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ملزم کی فوری گرفتاری کے احکامات جاری کیے تھے۔ پولیس کے مطابق ایس پی انویسٹی گیشن (باقی صفحہ اندرونی نمبر 18)

قرعہ اندازی میں نام آنے سے نااہل شخص کو الاٹمنٹ کا قانونی حق حاصل نہیں ہوتا، وفاقی آئینی عدالت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا ہے کہ کسی ہاؤسنگ سکیم میں مقررہ اہلیت کے معیار پر پورا نہ اترنے والے شخص کا کمپیوٹرائزڈ قرعہ اندازی میں کامیاب قرار پانا اسے فلیٹ یا مکان کی الاٹمنٹ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 17)



راولپنڈی: گروپ ایڈیٹر میاں محمد ادریس، سابق صدر میاں جاوید اقبال اور انجینئر رضوان اشرف کے ہمراہ ایک روزہ ترقیاتی سیشن کے اختتام پر صدر عارف احسان کو اسناد پیش کر رہے ہیں



لاہور: اساتذہ کے عالمی دن کے موقع پر خاتون ٹیچر بچوں کو پڑھا رہی ہیں

لاہور میں مبینہ پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو ہلاک، دوسرا فرار

پولیس نے ہلاک ڈاکو کی لاش مردہ خانے منتقل کر دی ہے

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے قائداعظم انڈسٹریل اسٹیٹ میں مبینہ پولیس مقابلے کے دوران ایک ڈاکو ہلاک جبکہ دوسرا فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ پولیس کے مطابق کیراں قبرستان میں دو ڈاکو لوٹ مار کر رہے تھے۔ اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچی تو ڈاکوؤں نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کردی۔

لانگ مارچ کو پنجاب اور اسلام آباد داخل نہیں ہونے دیں گے، امیر مقام

ان لوگوں نے آج تک دہشت گردی کی مذمت نہیں کی، کسی شہید کے گھر تعزیت کرنے نہیں گئے، اس لانگ مارچ کا مقصد بتادیں کیا ہے

؟اگر خیبر پختونخوا کے عوام کے لئے وزیراعلیٰ لانگ مارچ کرتے تو ہم حکومت کا حصہ ہوتے ہوئے بھی ان کے ساتھ کھڑے ہوتے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی اور صوبائی حکومت کے لانگ مارچ کو پنجاب اور اسلام آباد داخل نہیں ہونے دیا جائے گا، کے پی کے عوام ان کی مفاداتی سیاست میں ان کے آلہ کار نہ بنیں، ان لوگوں نے آج تک دہشت گردی کی مذمت نہیں کی، کسی شہید کے گھر تعزیت کرنے نہیں گئے، اس لانگ مارچ کا مقصد بتادیں کیا ہے؟ اگر خیبر پختونخوا کے عوام کے لئے وزیراعلیٰ لانگ مارچ کرتے تو ہم حکومت کا حصہ ہوتے ہوئے بھی ان کے ساتھ کھڑے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 5)

وزیر اقلیتی امور پنجاب سردار رمیش سنگھ اروڑہ کا گوردوارہ دسمیش دربار نیو جرسی کا دورہ

1947 سے بند 50 سے زائد تاریخی گوردواروں کی بحالی اور دوبارہ آبادکاری جاری ہے، رمیش سنگھ اروڑہ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے امریکہ کے دورے کے دوران نیو جرسی میں گوردوارہ دسمیش دربار کا دورہ کیا اور مقامی سکھ سنگت سے ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے تحت پنجاب میں سکھوں کے تاریخی و مذہبی ورثے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 16)

لانگ مارچ لکی مروت سے کرک پہنچ گیا، سہیل آفریدی کی ہیلی کاپٹر سے انٹری

ساؤتھ ریجن کے عوام نے ہر اس پالیسی کو مسترد کیا جو ان کے حق میں نہیں، پوری قوم چاہتی ہے بانی پی ٹی آئی باہر آئیں اور ملک کی قیادت سنبھالیں

یہ ٹیسٹ میچ ہے، دو دن بعد ٹی ٹوئنٹی میچ بنائیں گے، یہ جنگ صرف پشتونوں کی نہیں پورے پاکستان کی جنگ ہے، سہیل آفریدی


پشاور (این این آئی) تحریک انصاف کا لانگ مارچ لکی مروت سے کرک پہنچ گیا، سہیل آفریدی کی زیر قیادت مارچ میں جنید اکبر سمیت دیگر رہنما شریک ہوئے۔ بنوں اور کرک کی سرحد پر واقع ختم نبوت چوک میں لانگ مارچ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا کہ یہ ٹیسٹ میچ ہے، دو دن بعد اسے ٹی ٹوئنٹی میچ بنائیں گے، یہ جنگ صرف پشتونوں کی نہیں پورے پاکستان کی جنگ ہے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ میرے لیڈر نے امریکا اور میں نے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 15)



اسلام آباد: صدر آزاد جموں کشمیر ڈاکٹر محمد نجیب خان سے چیف جسٹس آزاد جموں سردار لیاقت حسین ملاقات کر رہے ہیں

این سی سی آئی اے کی اسلام آباد اور کراچی میں کارروائیاں، آن لائن فراڈ سے لوٹی گئی 33 لاکھ 65 ہزار روپے کی رقم برآمد

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے اسلام آباد اور کراچی میں کارروائیوں کے دوران آن لائن فراڈ کے ذریعے شہریوں سے ہتھیائی گئی مجموعی طور پر 33 لاکھ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 10)



راولپنڈی: ایک محنت کش مچھلیاں فروخت کر رہا ہے

غیر ملکی خاتون سے زیادتی، ملزمان کے جسمانی ریمانڈ میں 4 روز کی توسیع

پولیس نے موقف اختیار کیا کہ ملزمان کا پوٹینسی ٹیسٹ بھی کروانا ہے۔

عدالت نے پولیس کی جانب سے 8 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد کردی

لاہور (این این آئی) کینٹ کچہری نے غیر ملکی خاتون سے زیادتی کے کیس میں ملزمان محسن اور علی زین کے جسمانی ریمانڈ میں 8 روز کی توسیع کی استدعا مسترد کرتے ہوئے 4 روز کی توسیع کردی۔ جوڈیشل مجسٹریٹ اظہر محمود نے ملزمان کے جسمانی ریمانڈ کی درخواست پر سماعت کی۔ پولیس نے محسن اور علی زین کو 6 روزہ جسمانی ریمانڈ مکمل ہونے کے بعد عدالت میں پیش کیا۔ پولیس نے عدالت کو بتایا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 14)

پنک موبائل پولیس اسٹیشن و لائسنسنگ یونٹ (آج) جی سی یونیورسٹی نیو کیمپس فیصل آباد میں موجود ہوگا

فیصل آباد (این این آئی) خواتین اور طالبات کو پولیس و ڈرائیونگ لائسنسنگ کی سہولیات ان کی دہلیز تک فراہم کرنے کے لیے پنک موبائل پولیس سٹیشن و لائسنسنگ یونٹ 6 اکتوبر کو گورنمنٹ کالج یونیورسٹی نیو کیمپس، (باقی صفحہ اندرونی نمبر 13)

منشیات اسمگلنگ میں ملوث نیٹ ورک کا ملزم گرفتار

ملزم منشیات کے وسیع سپلائی نیٹ ورک میں ملوث تھا، ایس ایچ او تھانہ کھرڑیانوالہ عاطف شہزاد نے ملزم عمیر کو گرفتار کر لیا

نوجوان نسل کے محفوظ مستقبل کے لیے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔ سی پی او فیصل آباد

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) فیصل آباد پولیس نے منشیات اسمگلنگ میں ملوث بڑے نیٹ ورک کا ملزم گرفتار کرلیا، ملزم سے لاکھوں روپے مالیت کی 30 کلوگرام چرس برآمد کر لی گئی۔ ملزم منشیات کے وسیع سپلائی نیٹ ورک میں ملوث تھا۔ ایس ایچ او تھانہ کھرڑیانوالہ عاطف شہزاد نے ملزم عمیر کو گرفتار کرلیا۔ ملزم سے سپلائی نیٹ ورک اور بیک ٹریک سورسز کے بارے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 6)

جنگ کے خاتمے کیلئے سفارتی کوششیں تعطل کا شکار، ایران کا دشمنوں کو سخت ردعمل کا انتباہ

جاری تنازع ختم کرنے کا واحد راستہ انصاف اور برابری کی بنیاد پر مذاکرات ہیں، عباس عراقچی

ہماری فوجی کارروائیوں کا مقصد ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے سے روکنا ہے، امریکہ و اسرائیل کا موقف

تل ابیب / واشنگٹن / تہران (این این آئی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ امریکا کے ساتھ جنگ کا خاتمہ فوجی کارروائی سے ممکن نہیں، تنازع کے سفارتی حل کی کوششیں تعطل کا شکار ہیں جبکہ آبنائے ہرمز کی صورت حال بھی برقرار ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق غیر ملکی سفیروں کے اجلاس سے خطاب میں انہوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر مخالفین نے دوبارہ فوجی محاذ آرائی کا راستہ اختیار کیا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 11)



لاہور: پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر جودت سلیم سپورٹس ویک کی افتتاحی تقریب کے موقع پر فیکلٹی اور طلبہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

حسن ابدال، دوہرے قتل کی لرزہ خیز واردات

نامعلوم افراد نے ڈمپر ڈرائیور اور کنڈیکٹر کے گلے کاٹ دیے، موقع سے فرار

لاشیں ہسپتال منتقل، تفتیش کا آغاز کر دیا گیا، مقتولین کی شناخت 25 سالہ ذیشان اور 30 سالہ جواد کے ناموں سے ہوئی

حسن ابدال (این این آئی) حسن ابدال میں دوہرے قتل کی لرزہ خیز واردات، نامعلوم افراد نے ڈمپر ڈرائیور اور کنڈیکٹر کے گلے کاٹ دیے، قتل کرنے کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے، لاشیں ہسپتال منتقل، تفتیش کا آغاز کر دیا گیا، مقتولین کی شناخت 25 سالہ ذیشان اور 30 سالہ جواد کے ناموں سے ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر حسن ابدال کی حدود میں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 9)

مریدکے: چار ماہ سے ادھورے سیوریج منصوبے عذاب بن گئے، کمیٹی بازار کھنڈر میں تبدیل

کھلے مین ہولز کو فوری طور پر ڈھانپا جائے اور سڑکوں کی مرمت کروا کر شہریوں کو اس ذہنی و جسمانی عذاب سے نجات دلائی جائے

متعلقہ صوبائی محکمہ پنجاب حکومت کو جان بوجھ کر بدنام کرنے کے چکر میں رہتے ہیں، حکومت سخت نوٹس لے، شہری پھٹ پڑے

مریدکے (این این آئی) مریدکے انتظامی اور ٹھیکیداروں کی عدم توجہی کے باعث گزشتہ چار ماہ سے شدید التوا کا شکار ہے، جس نے علاقے کے مکینوں اور تاجروں کی زندگی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12)

احمد پورہ کمیٹی بازار کا سیوریج منصوبہ مزید بد / کالا شاہ کاکو

نواب آف بہاولپور فیملی کے گھر چوری کی واردات ٹریس

چوری میں ملوث چھ ملزمان گرفتار، قبضے سے 70 سے 80 فیصد مال مسروقہ برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد تھانہ مارگلہ پولیس نے نواب آف بہاولپور فیملی کے گھر چوری کی واردات ٹریس کرکے چوری میں ملوث چھ ملزمان گرفتار کرکے قبضے سے 70 سے 80 فیصد مال مسروقہ برآمد کرلیا۔ تھانہ مارگلہ پولیس نے جدید ٹیکنالوجی، سیف سٹی کیمروں اور انسانی ذرائع کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 7)

او آئی سی ممالک کو توانائی بحران سے نمٹنے کیلئے مقامی صلاحیتیں اور جدید نوجوان تیار کرنا ہوں گے، لیفٹیننٹ جنرل (ر) معظم اعجاز

اسلام آباد (این این آئی) او آئی سی کامسٹیک کے زیر اہتمام نوجوانوں کی فنی تربیت اور قابل تجدید توانائی کے فروغ کیلئے بجلی کی پیداوار (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8)

Scanned with CamScanner

Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ پبلک فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول امین پور بازار سے چھپوا کر بلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

تھرکول منصوبے کی توسیع پہلے کوئلہ خشک کرنے والے یونٹ کا افتتاح



مٹھی / اسلام کوٹ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے تھرکول منصوبے کی توسیع اور پاکستان کے پہلے کوئلہ خشک کرنے والے یونٹ کا افتتاح کردیا۔ اس تاریخی پیش رفت کے موقع پر انہوں نے تھرپارکر کی غیر معمولی ترقی کو 18ویں آئینی ترمیم، صوبائی خودمختاری اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ثمرات کی روشن مثال قرار دیتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد کو بھی تھر کے اس کامیاب ترقیاتی ماڈل سے سیکھنا چاہیے اور ملک بھر میں اسی طرز پر ترقیاتی منصوبوں کو فروغ دینا چاہیے۔ میڈیا سیل بلاول ہاؤس سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق، پی پی پی چیئرمین نے تھرکول بلاک ٹو کے توسیعی منصوبے اور بلاک ون میں پاکستان کے پہلے کوئلہ خشک کرنے والے یونٹ کی افتتاحی تقاریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنی آنکھوں سے تھر میں جو تبدیلی دیکھی ہے، پاکستان کے دیگر علاقوں میں ایسی تبدیلی کم ہی نظر آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تھرپارکر میں صرف انفراسٹرکچر، صحت اور تعلیم کے شعبوں میں ہی تبدیلی نہیں آئی بلکہ ہر لحاظ سے ترقی ہوئی ہے۔ آج پورا پاکستان حیران ہے کہ تھر کہاں سے کہاں پہنچ چکا ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ تھرپارکر کی مثال اس جماعت ہے، جو کراچی میں نفرت کی سیاست کرتی ہے، تقسیم کی سیاست کرتی ہے، زائینسٹ سیاست کرتے ہیں۔ آپ نے سنا ہوگا زائینزم۔۔۔ اسرائیل کا فلسطین میں۔ لیکن یہ زائینسٹ سیاست سندھ میں انٹروڈیوس کرنا چاہتے ہیں۔ اور میں ان کو بتانا چاہتا ہوں کہ وہ کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ جب ایم ڈی کیٹ کے نتائج سامنے آتے ہیں تو ہمیشہ کی طرح ہمارے تھر کے بچے ٹاپ کرتے ہیں۔ انہوں نے مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تھر کے بچوں کا ٹاپ کرنا اب ایک روایت بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ عناصر جو کراچی میں نفرت اور تقسیم کی سیاست کرتے ہیں، تھر کے بچوں کی کامیابیوں پر انہیں مبارکباد دینے اور تالیاں بجانے کے بجائے اپنی نفرت کی سیاست جاری رکھتے ہیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، ہم ان کی نفرت کی سیاست کو دفن کریں گے، اور تھر ترقی کرتا رہے گا، اور تھر کے بچے ترقی کرتے رہیں گے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے انہیں دی گئی بریفنگ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ تھر میں پیدا ہونے والے روزگار کے مواقع کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ تھرکول میں 94 فیصد ملازمین کا تعلق صوبہ سندھ سے ہے، جبکہ 60 فیصد ملازمین تھرپارکر ضلع سے تعلق رکھتے ہیں۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اور ڈیولوشن ہو، اگر ترقی اور کامیابی کا یہ ماڈل ثابت ہوئے ہیں تو اسی ماڈل کو پورے ملک میں نافذ کیا جانا چاہیے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ جب وہ وزیر خارجہ تھے تو تھر کے دوسرے مرحلے کے حوالے سے وہ وزیراعظم شہباز شریف کو یہاں لے کر آئے تھے۔ اس وقت وزیراعظم نے تھر کی پیداواری صلاحیت میں اضافے کی درخواست کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ اس کے بعد تھر کی پیداواری صلاحیت کو دوگنا کردیا گیا ہے اور آئندہ بھی اس میں مزید اضافہ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ تھر کے کوئلے سے اب صرف بجلی ہی پیدا نہیں کی جارہی بلکہ اس کے استعمال کو متنوع بنایا جارہا ہے۔ تھرکول سے فرٹیلائزر کی پیداوار اور کوئلے سے گیس بنانے کے منصوبوں پر بھی کام ہورہا ہے تاکہ تھر کے وسائل سے مزید فائدہ اٹھایا جاسکے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے سندھ کی بزنس کمیونٹی کو دعوت دیتے ہوئے کہا کہ جس طرح پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے تھرپارکر میں اتنی بڑی تبدیلی لائی گئی ہے، اسی ماڈل کو کراچی اور سندھ کے دیگر علاقوں میں بھی فروغ دیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت کے پاس متعدد منصوبے پائپ لائن اور ایپلیمنٹیشن کے مراحل میں ہیں، جن کے ذریعے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت کراچی سمیت سندھ کے ساحلی علاقوں میں ترقی کے نئے مواقع پیدا کیے جائیں گے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ کراچی میں ایک کارنیش کے منصوبے پر کام کیا جارہا ہے، جسے صوبائی حکومت ڈی ایچ اے کے ساتھ مل کر تیار کرنا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دبئی میں ڈی آئی ایف سی کی طرز پر سندھ حکومت کراچی میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت ایک سندھ انویسٹمنٹ زون قائم کرنا چاہتی ہے، جس کا مقصد کاروباری مواقع پیدا کرنا اور عالمی بزنس کمیونٹی کا اعتماد حاصل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹھٹہ کے کیٹی بندر میں بھی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت بندرگاہ قائم کرنے کا منصوبہ ہے۔ پاکستان بھر کی بزنس کمیونٹی کو سندھ میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ سندھ حکومت پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت ایسے متعدد منصوبے اور مواقع فراہم کررہی ہے جہاں نجی شعبہ بھی ترقی کرسکتا ہے، ملک بھی ترقی کرسکتا ہے اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت، نجی شعبہ اور عوام اسی طریقے اور جذبے کے ساتھ مل کر کام کریں تو نہ صرف صوبہ سندھ میں ترقی کی رفتار تیز کی جاسکتی ہے بلکہ پورے پاکستان کی ترقی کا بھی بندوبست کیا جاسکتا ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ تھر بلاک ون اور بلاک ٹو کی کامیابی کی وجہ سے خطے میں ایک بڑا معاشی انقلاب آیا ہے۔ یہاں نہ صرف کول مائننگ اور بجلی کی پیداوار میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، بلکہ کان کنی کے دوران نکلنے والے پانی کے ذریعے بایو سیلائن ایگریکلچر) کھارے پانی پر زراعت (کا کامیاب تجربہ بھی کیا جا رہا ہے۔ چین سے لائے گئے خاص بیجوں کی مدد سے کھارے اور نمکین پانی میں فصلوں کی کاشت ممکن بنائی گئی ہے۔ انہوں نے پاکستان کے پہلے کول ڈرائینگ پروجیکٹ (Coal Drying Project) کے افتتاح پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس سے تھر کے کوئلے کی کوالٹی میں بہتری اور ویلیو ایڈیشن ہوگی، جس سے اس کی طلب اور مارکیٹ کی قدر میں مزید اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو کا خواب تھا کہ تھر کے عوام کو ان کے اپنے کوئلے کے وسائل سے فائدہ پہنچایا جائے، اور آج یہ خواب ہماری آنکھوں کے سامنے حقیقت کا روپ دھار رہا ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے اپنے خطاب کے آخر میں تھر کے عوام، کارکنوں اور نوجوانوں سے تشکر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تھر نے جس محنت اور عزم کے ساتھ ترقی کا سفر طے کیا ہے، وہ پورے پاکستان کے لیے قابل فخر مثال ہے۔ تقریب میں وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ، صوبائی وزرا، ارکان اسمبلی، مقامی بلدیاتی نمائندگان، پارٹی عہدیداران وکارکنان اور عمائدین بھی موجود تھے۔ دریں اثنا، چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے تھرکول بلاک ون کا دورہ کیا، اور پاکستان کے پہلے کوئلہ خشک کرنے والے یونٹ کا افتتاح بھی کیا۔ مزید برآں، اسلام کوٹ پہنچنے کے بعد انہوں نے تھرفاؤنڈیشن کے اسپتال کا اور تھرکول بلاک ٹو کا بھی دورہ کیا۔ تھرکول بلاک ٹو کے دورے کے موقع پر انہیں کوئلے کی کان کی توسیع کے تیسرے مرحلے پر بریفنگ دی گئی، یہاں چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے مختلف اسٹالز کا معائنہ اور طلبہ، خواتین ملازمین اور مقامی ملازمین سے ملاقات بھی کی۔ انہوں نے 100 ایکڑ پر مشتمل زرعی تحقیقی رقبے میں کھارے پانی سے چارے کی فصل اگانے کے منصوبے کا بھی معائنہ کیا۔










































دہشتگردی کے مسئلے پر مذاکرات میں ناکامی ہوئی

وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ دہشتگردی کے مسئلے پر مذاکرات میں ناکامی ہوئی، ملاقات کے معاملے پر مذاکرات ناکام نہیں ہوئے، پی ٹی آئی کو پاکستان سے زیادہ افغانستان عزیز ہے، یہ انسان کہلانے کے لائق نہیں۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہوسکتا ہے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کرادی جاتی، ملاقات بہت چھوٹی چیز ہے، مسئلہ دہشتگردی اور ان ہزاروں افراد کا ہے جنہیں شہید کیا جارہا ہے۔ عطا تارڑ نے کہا کہ کے پی میں روز لاشیں گر رہی ہیں، کے پی حکومت دہشتگردی کیخلاف اونرشپ لے، کے پی کے عوام کہتے ہیں دہشتگردی کے خلاف لڑیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ساڑھے 13 سال سے کے پی حکومت دہشتگردی کی حمایت یافتہ ہے، کے پی حکومت کو اپیکس کمیٹی کا اجلاس بلانے سے کس نے روکا ہے؟ ہماری سہیل آفریدی سے بات نہیں بنی، وزیراعلیٰ کے پی اور ان کی کابینہ کی جیب میں پیسے جارہے ہیں، کے پی حکومت کی 13 سال سے چاندی لگی ہے، سہیل آفریدی نے اسے بڑھا دیا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی مان جاتی تو اچھا ہوتا، پی ٹی آئی کو پاکستان سے زیادہ افغانستان عزیز ہے، ہم دہشتگردوں کو ختم کر کے رہیں گے، یہ انسان کہلانے کے لائق نہیں، سہیل آفریدی کو ڈر تھا دہشتگردوں کو سپورٹ کرنا ان کی پالیسی ہے، لڑنا پڑ گیا تو، ایبر جنسی پر ابھی کچھ کہنا قبل ازوقت ہے، ریاست کے پی حکومت کو کتنی مہلت دے سکتی ہے؟ کے پی حکومت دہشتگردی کا خاتمہ نہیں چاہتی، کیسی حکومت چاہتی ہے لاشیں گرتی رہیں، ان کی حکومت چلتی رہی۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ بیرسٹر گوہر اور علی ظفر وضع دار لوگ ہیں، اپنی بات پر کھڑے ہونیوالے ہیں، وزیراعلیٰ سہیل آفریدی دہشتگردی کے سب سے بڑے سپورٹر ہیں، دہشتگردی کے مسئلے پر مذاکرات میں ناکامی ہوئی، ملاقات کے معاملے پر مذاکرات ناکام نہیں ہوئے۔ عطا تارڑ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کا آئیڈیل بلڈ پریشر ہے، بانی پی ٹی آئی کیلئے لندن سے ڈاکٹر بلانے کے حوالے سے افواہیں ہیں، بانی پی ٹی آئی کی صحت کا کوئی مسئلہ سامنے نہیں آیا۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کی گرفتاری تھری ایم پی او کے تحت ہوئی، پی ٹی آئی اسلحہ سے لیس جتھے لے کر آرہی ہے، پی ٹی آئی والے کے پی میں ہی گھوم رہے ہیں، پی ٹی آئی کو اسلام آباد میں پھٹکنے بھی نہیں دیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 1

لازوال ہے، اپنے اساتذہ کیلئے عزت و احترام کا جذبہ آج بھی قائم ہے۔ استاد معاشرے کا سب سے معتبر طبقہ ہے جو طالب علم کو فرش سے عرش پر لے جاتا ہے۔ سی ای او نے کہا کہ اچھا استاد علم کیساتھ ادب، اخلاقی اقدار و معاشرتی روایات سے بھی روشناس کرواتا ہے اور معاشرے میں معاشرتی تبدیلی کی بنیاد رکھتا ہے۔

بقیہ نمبر 2

دہائی کرائی تھی کہ وطن واپسی پر وہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں اور لیوی کے معاملے کو دیکھیں گے، جس کے بعد جماعت اسلامی نے لانگ مارچ مؤخر کرنے کا اعلان کیا تھا۔

بقیہ نمبر 3

نہیں کرتا، اگر وہ ادویات کا ذخیرہ کر کے ان کی فروخت یا میڈیکل سٹور کا کاروبار کر رہا ہو تو ڈرگ ایکٹ 1976 کے تحت لائسنس کا حصول لازمی ہے۔

بقیہ نمبر 4

(یو این ایچ ایبیٹ) کے تعاون سے منعقد ہوئی۔ وفاقی وزیر نے نیشنل ہاسنگ پالیسی 2025 کی تیاری میں کردار ادا کرنے والے تمام افراد کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ 24 سال بعد تمام متعلقہ سٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے پالیسی مرتب کی گئی ہے۔ میاں ریاض حسین پیرزادہ نے کہا کہ رہائش کے شعبے کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لئے نیشنل ہاسنگ پالیسی کا اجرا اہم پیشرفت ہے، اس پر مؤثر عملدرآمد کے لئے تمام متعلقہ اداروں اور سٹیک ہولڈرز کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ تقریب میں وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ ڈاکٹر مصدق مسعود ملک، ماہرین تعلیم، محققین، ہاؤسنگ سیکٹر سے وابستہ شخصیات اور مختلف سٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ ڈاکٹر مصدق مسعود ملک نے موسمیاتی تبدیلیوں کے تناظر میں ماحول دوست اور پائیدار ہاسنگ منصوبوں کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ نیشنل ہاؤسنگ پالیسی بے گھر افراد کے لئے چھت کی فراہمی کی تمام تر منصوبہ بندی فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت، نجی شعبے اور تمام متعلقہ اداروں کو نیشنل ہاسنگ پالیسی پر مؤثر عملدرآمد کے لئے دستیاب وسائل بروئے کار لانے چاہئیں۔ پالیسی کا مؤثر نفاذ ملک میں رہائش کے مسائل سے نمٹنے اور پائیدار شہری ترقی کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا۔

بقیہ نمبر 5

ہوتے، یہ سیاسی اور ذاتی مقاصد کے لئے لانگ مارچ کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 6

تفتیش جاری ہے۔ نوجوان نسل کے محفوظ مستقبل کے لیے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 7

مدد سے واردات کا سراغ لگایا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس تھانہ مارگلہ پولیس نے جدید ٹیکنالوجی، سیف سٹی کیمروں اور انسانی ذرائع کو بروئے کار لاتے ہوئے سیکٹر F-8/3 میں نواب آف بہاولپور فیملی کے گھر ہونے والی چوری کی واردات ٹریس کر کے چھ ملزمان کو گرفتار کرلیا۔

بقیہ نمبر 8

کے لئے شمسی توانائی کے حل کے موضوع پر چار روزہ بین الاقوامی تربیتی پروگرام پیر کو کامسٹیک سیکریٹریٹ میں شروع ہوگیا جس میں پاکستان سمیت او آئی سی کے رکن اور مبصر

ممالک کے نوجوان، ماہرین اور تربیت کار شریک ہیں۔

بقیہ نمبر 9

واقع علاقہ پوڑ میانہ میں دوہرے قتل کی لرزہ خیز واردات پیش آئی، جس میں نامعلوم افراد کی جانب سے مبینہ طور پر بیت لے جانے والے ڈمپر کے ڈرائیور اور کنڈیکٹر کو گلے کاٹ کر قتل کردیا گیا۔ پولیس کو 15 پر کال موصول ہوئی جس کے مطابق روندہ روڈ ہیرو پوڑ میانہ کے پاس دو افراد کی لاشیں پڑی ہوئی ہیں جن کو گلے کاٹ کر قتل کیا گیا ہے۔ دوہرے قتل کی لرزہ خیز واردات کی اطلاع ملتے ہی تھانہ صدر حسن ابدال کے ایس ایچ او نیاز احمد اپنی ٹیم کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچ گئے۔ پولیس نے لاشوں کو تحویل میں لیکر تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال حسن ابدال منتقل کر دیا۔ مقتولین کی شناخت 25 سالہ ذیشان ولد امیر افضل سکنہ قندھاری پور تحصیل حسن ابدال اور 30 سالہ جواد ولد نامعلوم سکنہ بہاڑ تحصیل ٹیکسلا کے نام و پتہ ہوئی۔ تھانہ صدر حسن ابدال پولیس نے تفتیش کا آغاز کردیا۔

بقیہ نمبر 10

65 ہزار روپے کی رقم برآمد کر کے متاثرہ شہریوں کے حوالے کر دی ہے۔ ترجمان کے مطابق این سی سی آئی اے اسلام آباد نے ایک کارروائی کے دوران شہری سے دھوکے سے ہتھیائی گئی 31 لاکھ روپے کی خطیر رقم برآمد کر کے اس کے اصل حقدار کو لوٹا دی۔ دوسری جانب این سی سی آئی اے کراچی نے بروقت کارروائی عمل کرتے ہوئے آن لائن فراڈ کے ذریعے لوٹی گئی 2 لاکھ 65 ہزار روپے کی رقم بازیاب کروا کر شہری کو واپس دلا دی۔ حکام کے مطابق سائبر فراڈ میں ملوث عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت کریک ڈاؤن تیز کر دیا گیا۔ نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی شہریوں کے مالی تحفظ، شکایات کے فوری ازالے اور ڈیجیٹل جرائم میں ملوث ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں لانے کے لیے مسلسل متحرک ہے۔

بقیہ نمبر 11

تو ایران پہلے سے زیادہ طاقت ور جواب دے گا۔ عباس عراقچی کا کہنا تھا کہ جنگ یا تنازع ختم کرنے کا واحد راستہ انصاف اور برابری کی بنیاد پر مذاکرات ہیں۔ ایرانی نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی نے بتایا کہ امریکا نے ثالثوں کے ذریعے اپنی تجاویز کا جواب ایران تک پہنچادیا ہے، جس کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا کہ امریکا کی تازہ تجویز جوہری معاملے سے متعلق اس کی سابقہ تجاویز کے مطابق ہے، ایران کی توجہ آبنائے ہرمز کے معاملے پر ہے اور اسے دوبارہ کھولنے کے لیے ایرانی تجارتی بحری آمد و رفت میں رکاوٹوں کا خاتمہ اور پابندیوں کا خاتمہ ضروری ہے۔ ادھر امریکا اور اسرائیل کا کہنا تھا کہ ان کی فوجی کارروائیوں کا مقصد ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے سے روکنا ہے، تاہم ایران طویل عرصے سے جوہری ہتھیار بنانے کے ارادے کی تردید کرتا رہا ہے۔ دوسری جانب ایرانی وزیر پیٹرولیم محسن پاک نژاد نے اتوار کو ذاتی وجوہات کی بنا پر استعفیٰ دے دیا، جسے صدر مسعود پزشکیان نے منظور کرلیا۔ نیشنل ایرانی آئل کمپنی کے سربراہ حمید بورد کو قائم مقام وزیر پیٹرولیم مقرر کردیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 12

انجران کردی ہدایات کے مطابق سیوریج لائن ڈالنے کے لیے بازار کی سڑکیں اور گلیاں تو

کھودی گئیں، لیکن کام مکمل نہ ہوسکا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ایک کے بعد ایک کئی ٹھیکیدار کام ادھورا چھوڑ کر جا چکے ہیں، جس کے باعث پورا بازار کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے منصوبے کی عدم تکمیل کے باعث گلیوں اور بازار میں جگہ جگہ کھلے مین ہولز موجود ہیں جو کسی بھی وقت کسی بڑے حادثے یا جان لیوا سانحے کا سبب بن سکتے ہیں سڑکوں کی خستہ حالی، دھول اور تعفن کے باعث نہ صرف عام شہریوں کی آمدورفت شدید دشوار ہوچکی ہے بلکہ تاجروں کا کاروبار بھی تباہی کے دہانے پر پہنچ گیا ہے اہل علاقہ اور مقامی دکانداروں نے حکام بالا سے شدید احتجاج کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ منصوبے پر فوری پیش رفت کی جائے، کھلے مین ہولز کو فوری طور پر ڈھانپا جائے اور سڑکوں کی مرمت کروا کر شہریوں کو اس ذہنی و جسمانی عذاب سے نجات دلائی جائے۔

بقیہ نمبر 13

جھنگ روڈ فیصل آباد میں خدمات فراہم کرے گا۔ ترجمان سٹی ٹریفک پولیس فیصل آباد کے مطابق پنک وین صبح 10 بجے سے شام 3 بجے تک خواتین اور طالبات کو ڈرائیونگ لائسنسنگ کے حوالے سے مختلف سہولیات فراہم کرے گی۔

بقیہ نمبر 14

کہ ملزمان سے کافی حد تک تفتیش مکمل کرلی گئی ہے تاہم ان سے فون برآمد کرنا باقی ہے۔ پولیس نے مؤقف اختیار کیا کہ ملزمان کا پولیگرافک ٹیسٹ بھی کروانا ہے، اس لیے ان کے جسمانی ریمانڈ میں مزید 8 روز کی توسیع کی جائے۔ عدالت نے پولیس کی 8 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد کرتے ہوئے دونوں ملزمان کے جسمانی ریمانڈ میں 4 روز کی توسیع کردی۔

بقیہ نمبر 15

بند کمروں کے فیصلہ سازوں کو الٹی میٹم کہا، گزشتہ شام بانی پی ٹی آئی اور پشتونوں کے وزیر اعلیٰ نے ملٹری آپریشنز اور ڈرون اٹیکس کو الٹی میٹم کہا ہے، اب خیبر پختونخوا کے عوام کے فیصلے صوبے میں ہی ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم بار بار کہتے ہیں کہ 22 سال سے جو پالیسی آپ نافذ کر رہے ہیں اس سے دہشت گردی بڑھ رہی ہے، ہم نے امن صرف بانی پی ٹی آئی کے ساڑھے تین سالوں میں دیکھا ہے، ہم ہر اس پالیسی کو الٹی میٹم کہیں گے جو عوام کے حق میں نہیں ہوگی۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ میرے پاس بندوقیں نہیں صرف عوامی طاقت ہے، ساڑھے چار کروڑ عوام نے ہر اس پالیسی کو مسترد کیا جو ان کے حق میں نہیں، پوری قوم چاہتی ہے بانی پی ٹی آئی باہر آئیں اور ملک کی قیادت سنبھالیں۔ ادھر وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایکس پر پیغام میں لکھا کہ وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی نے لانگ مارچ میں شرکت کے لیے سرکاری ہیلی کا پٹر استعمال کیا، پشاور سے گل مروت تک سہیل آفریدی کا ہیلی کاپٹر پر سفر ناجائز سرکاری امور کے لیے تھا۔

بقیہ نمبر 16

کے تحفظ، بحالی اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے لیے جاری اقدامات سے عالمی سکھ ڈائسپورا کو آگاہ کیا۔

بقیہ نمبر 17

کا قانونی، مستقل یا قابل نفاذ حق نہیں دیتا، قرعہ اندازی صرف ان افراد میں انتخاب کا طریقہ ہے جو پہلے ہی اہلیت کے معیار پر پورا اترتے ہوں۔ چیف جسٹس امین الدین خان اور جسٹس علی باقر نجفی پر مشتمل وفاقی آئینی

عدالت کے دورکنی بینچ نے خیبر پختونخوا کے شہر پشاور کے حیات آباد فیز فائیو میں 2100 مربع فٹ کے ہائی رائز فلیٹس کی الاٹمنٹ سے متعلق مقدمات کا فیصلہ سناتے ہوئے درخواستیں اور فوجداری اپیل اخراجات سمیت مسترد کردیں۔

بقیہ نمبر 18

کینٹ کی سربراہی میں خصوصی ٹیم تشکیل دی گئی، جس نے انچارج انویسٹی گیشن تھانہ مناواں عمران پاشا کی قیادت میں کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کیا۔ انچارج انویسٹی گیشن کے مطابق ملزم نے گھریلو رنجش کی بنا پر فائرنگ کر کے اپنی بہن شاہ زیب کو قتل جبکہ دوسری بہن نیلم شہزادی کو شدید زخمی کر دیا تھا، جو چند روز ہسپتال میں زیر علاج رہنے کے بعد دم توڑ گئی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم واردات کے بعد فرار ہوگیا تھا تاہم پیشہ وارانہ مہارت اور جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے اسے گرفتار کر لیا گیا۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن نے کہا ہے کہ ملزم کے خلاف مضبوط چالان مرتب کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، جبکہ خواتین کے خلاف جرائم میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید کی جانب سے کامیاب کارروائی پر پولیس ٹیم کے لیے تعریفی اسناد کا اعلان بھی کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 19

ہ آپ کو دہشت گردی کے خلاف پالیسی بنانے سے کس نے روکا؟ نیشنل ایکشن پلان پر عمل سے کون سے پالیسی روک رہی ہے؟ اپیکس کمیٹی میٹنگز بلانے سے کونسی پالیسی روک رہی ہے؟

بقیہ نمبر 20

سے آنے والے طلبہ کے لئے کار پولنگ گروپس تشکیل دیئے جائیں۔ ڈی جی ماحولیات کے مطابق صبح کے اوقات میں ٹریفک کے دباؤ اور گاڑیوں سے نکلنے والے دھوئیں کو کم کرنا ضروری ہے۔ لاہور کو سموگ سے بچانے کے لئے غیر ضروری گاڑیوں کے سفر میں کمی لانا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ سکول انتظامیہ والدین اور طلبہ کو سفری سہولیات فراہم کرے اور کار پولنگ کو اینٹی سموگ اقدامات کا اہم حصہ بنایا جائے۔ کار پولنگ کے باعث طلبہ اور والدین پر اضافی مالی بوجھ نہیں ڈالا جائے گا۔ محکمہ ماحولیات نے سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کو بھی کار پولنگ کے فروغ کیلئے مؤثر اقدامات کی سفارش کردی ہے۔

بقیہ نمبر 21

سے آنے والے طلبہ کے لئے کار پولنگ گروپس تشکیل دیئے جائیں۔ ڈی جی ماحولیات کے مطابق صبح کے اوقات میں ٹریفک کے دباؤ اور گاڑیوں سے نکلنے والے دھوئیں کو کم کرنا ضروری ہے۔ لاہور کو سموگ سے بچانے کے لئے غیر ضروری گاڑیوں کے سفر میں کمی لانا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ سکول انتظامیہ والدین اور طلبہ کو سفری سہولیات فراہم کرے اور کار پولنگ کو اینٹی سموگ اقدامات کا اہم حصہ بنایا جائے۔ کار پولنگ کے باعث طلبہ اور والدین پر اضافی مالی بوجھ نہیں ڈالا جائے گا۔ محکمہ ماحولیات نے سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کو بھی کار پولنگ کے فروغ کیلئے مؤثر اقدامات کی سفارش کردی ہے۔

بقیہ نمبر 22

کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے سلمان اکرم راجا نے کہا کہ حکومت کے وزیر مذاکرات کے حوالے سے غیر اہم باتیں کر رہے ہیں، مذاکرات کے دو دور ہوئے جو بغیر نتیجہ ہی ختم ہوئے، مذاکرات کے پہلے روز ہم

اجلاس کے بعد پشاور گئے جہاں ہماری مذاکراتی کمیٹی نے وزیر اعلیٰ اور کابینہ سے ملاقات کر کے دہشت گردی کے معاملے پر بریفنگ لی۔ انہوں نے بتایا کہ ہمارے دو بڑے مطالبات تھے کہ ایک بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کروائی جائے، بانی پی ٹی آئی کے بغیر پی ٹی آئی کوئی فیصلہ نہیں کر یگی، مذاکرات میں جوڈیلاک آیا وہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کا خاتمہ تھا، ہمارا کہنا تھا کہ سیاسی جماعتوں کے جرگے کو سنا جائے۔

بقیہ نمبر 23

کے پی میں روز لاشیں گر رہی ہیں، کے پی حکومت دہشتگردی کیخلاف اونرشپ لے، کے پی کے عوام کہتے ہیں دہشتگردی کے خلاف لڑیں گے۔

بقیہ نمبر 24

محاذ پر کھڑے ہوگئے۔ حرمین شریفین کی حفاظت صرف کسی ایک ملک یا خطے کی ذمہ داری نہیں پوری امت مسلمہ کی ذمہ داری ہے۔

بقیہ نمبر 25

زندگی کی بازی ہار گئے۔ دونوں معصوم بچے چھت کے اوپر بنے ہوئے کمرے کے اندر پڑی ہوئی پرالی کو کھیلتے ہوئے آگ لگا بیٹھے پھر اسی میں بری طرح جھلس کر جاں بحق ہو گئے۔ افسوسناک واقعہ پر گھر میں کہرام مچ گیا اور ہر آنکھ اشکبار تھی۔

بقیہ نمبر 26

اور ایرانی سرپرستی میں ایک منصوبے کے تحت حرمین شریفین کی حرمت کو پامال کرنے کی گھناؤنی سازشوں میں مصروف ہیں۔

بقیہ نمبر 27

اسٹیفن پال نے کہا کہ محلہ عثمان آباد چکوال کے رہائشی عدنان نکلنے گھر پر چند نامعلوم افراد کا پتھراؤ حملہ سخت ظلم و زیادتی ہے ہم بھرپور مذمت کرتے ہیں اور مطالبہ کرتے ہیں کہ عدنان گل اور اس کی فیملی کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔

بقیہ نمبر 28

پیپلز پارٹی کے تحصیل صدر جڑانوالہ و امیدوار ایم پی اے رائے شہادت خاں کھرل، پی پی پی سٹی پیجانہ کے صدر ندیم اقبال بھٹی نے کہا ہے کہ جمہوریت کے ثمرات عوام تک پہنچ رہے ہیں یا نہیں، اس کا جائزہ لینا ہوگا۔ آئین میں اختیارات منتخب نمائندوں کو دینے کی بات واضح ہے، بلدیاتی نظام کو مؤثر اور با اختیار بنانا ہوگا۔ ہمیں سوچنا ہوگا کہ قیام پاکستان سے اب تک آئین پر کس حد تک عملدرآمد ہوا اور کیا جمہوریت کے ثمرات حقیقی معنوں میں عوام تک پہنچ پا رہے ہیں ندیم اقبال بھٹی نے کہا کہ الیکشن کمیشن کی جانب سے بلدیاتی انتخابات کا مجوزہ شیڈول جاری کرو دیا گیا ہے جو کہ اس بات کی غمازی ہے کہ پنجاب حکومت بلدیاتی انتخابات منعقد کرانے میں سنجیدہ ہے انہوں نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات ہی نچلی سطح کے مسائل کا واحد حل ہے تاہم اس بات کی اشد ضرورت ہے کہ بلدیاتی نظام ماضی کی نسبت با اختیار اور فعال ہونا چاہیے تاکہ عوام کے بنیادی مسائل تیزی سے حل کئے جاسکیں۔ پارٹی رہنماؤں نے کہا کہ جمہوری نظام کا مقصد صرف انتخابات کا انعقاد نہیں بلکہ عوام کو اختیارات اور بنیادی سہولیات کی فراہمی بھی ہے، اس لیے اس امر کا جائزہ لینا ضروری ہے کہ عام شہری کو جمہوریت سے کیا

بعدالت جناب اعجاز شاہ اللہ خان صاحب فیملی جج جھنگ

دعویٰ خرچہ نان ونفقہ وغیرہ ثمینہ بی بی وغیرہ بنام نور محمد ولد محمد بخش سکنہ بستی شاہین آباد اڈہ شیر آباد تحصیل بھوآنہ ضلع چنیوٹ مدعا علیہ بتقرر 8/10/2026 بوقت 8 بجے حاضر عدالت ہوں ورنہ یکطرفہ کارروائی ہوگی

بعدالت جناب نصیر احمد صاحب نائب تحصیلدار جھنگ

درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 216/2 واقع موضع کھیوہ تحصیل وضلع جھنگ احمد بخش بنام محمد بخش ولد مالک محمد اسلم ولد نجابت مسماۃ ذکیہ بانو دختر محمد اسلم عرحیات حقوواز پسران محمد بخش اقوام جٹ چدھڑ محمد ہاشم ولد محمد کبیر محمد منظور پسر محمد کبیر اقوام سیال کھمانہ سکنان موضع کھیوہ تحصیل وضلع جھنگ مدعا علیہم بتقرر 8/10/2026 بوقت 9 بجے حاضر عدالت ہوں ورنہ یکطرفہ کارروائی ہوگی

بعدالت جناب عاطف محمود گوندل تحصیلدار جھنگ

تصدیق انتقال وراثت موضع جھنگ چک جنوبی تحصیل وضلع جھنگ ہرگاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ متوفی حال مہر ولد محمد ابراہیم کے وارثان رقیہ بی بی، محمد ابراہیم والدین پہلے فوتش شگفتہ بی بی، شمشاد بیوگان زندہ، احسن علی، حسنین ابراہیم، بلال ابراہیم، ملائکہ رانی، شانزہ منابل، پسران دختران زندہ ہیں کوئی دیگر وارث ہو تو اندر 7 یوم پیش عدالت ہوں ورنہ انتقال تصدیق کر دیا جائے گا

بعدالت جناب نوید عباس صاحب سول جج فیملی کورٹ فیصل آباد

)دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع دلاپانے خرچہ نان ونفقہ(

عنوان: جمیرا شکیل بنام رشید احمد

اشتہار اخبار بنام رشید احمد ولد محمد رفیق ساکن چک نمبر 122 ج ب محلہ نشاط آباد نور پور روڈ فیصل آباد

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ تعمیل سمن کے بارے میں گریزاں ہیں ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 12-10-2026 بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔ 34

فائدہ پہنچ رہا ہے۔

بقیہ نمبر 29

جان چھوٹ سکے اور حکومت کی بھی جان چھوٹ سکے حکومت کو بھی کہنا چاہتا ہوں کہ آپ اگر پیٹرول سستا نہیں کر سکتے تو پھر حکومت ہی چھوڑ دیں آپ کا عوام پر بڑا احسان ہوگا۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ حکومت کی جانب سے بنائی گئی نگرانی کرنے والی ٹیموں اور ان وزرا کے دوروں و دیگر انتظامات پر کتنے خرچ آ رہے ہیں عوام کو اس حوالے سے بھی آگاہ کیا جانا چاہیے۔ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ حکومتی اخراجات میں کمی کر کے وسائل عوام کو براہ راست ریلیف پر خرچ کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 30

کی مشکلات میں اضافہ ہو رہا ہے، معاشی و سیاسی استحکام کے لیے تمام سیاسی دھاروں کو مل بیٹھ کر مذاکرات کرنا ہوں گے۔ مسلم لیگ ن ہمیشہ سے آئین اور جمہوریت پر کامل یقین رکھتی ہے۔ اس وقت ملک کو درپیش درپیش چیلنجز کا تقاضا ہے کہ تمام قومی ادارے اور سیاسی جماعتیں ایک پیج پر ہوں۔ انہوں نے کہا کہ دشمن ملک پاکستان کے خلاف پراکسی وار کر رہا ہے، جبکہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے سکیورٹی حالات تشویشناک ہیں، لہٰذا موجودہ صورتحال میں ہمیں اپنے قومی اداروں کے ساتھ مضبوطی سے کھڑا ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ قومی مفاد کی خاطر تمام آپشنز موجود ہیں، تاہم پی ٹی آئی سے سوال کیا جانا چاہیے کہ ان کا اصل ایجنڈا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کہیں بھی کچھ غلط ہو رہا ہے تو ادارے اپنا آئینی کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ افراتفری، لانگ مارچ، جلاؤ گھیراؤ کسی مفاد میں نہیں ہے، تمام سیاسی جماعتوں کو دانشمندانہ فیصلے کرنے چاہئیں۔

بقیہ نمبر 31

شہریوں کے لئے آسانیاں پیدا کی جائے ن لیگ کی پنجاب حکومت عوام کو زندہ درگور کرنے پر تلی ہوئی ہے جو کہ افسوس ناک اور قابل مذمت بات ہے پراپرٹی ٹیکس میں بے تحاشہ اضافہ پنجاب کے عوام اور تاجروں کے ساتھ ظلم ہے

بقیہ نمبر 32

(آئی پی یو) کی 153 ویں اسمبلی میں شرکت کیلئے متحدہ جمہوریہ تنزانیہ روانہ ہو چلے گئے ہیں۔ وہ اسمبلی میں پاکستانی پارلیمانی وفد کی قیادت کر رہے ہیں اور اہم علاقائی و عالمی امور، مسئلہ کشمیر اور دنیا میں بڑھتی کشیدگی کے حوالے سے پاکستان کا موقف پیش کریں گے۔ چیئرمین سینیٹ کی عدم موجودگی کے دوران سیدال خان ناصر ان کی وطن واپسی تک سینیٹ کے امور کی نگرانی اور پارلیمانی و انتظامی ذمہ داریاں انجام دیں گے۔

بقیہ نمبر 33

زیر انتظام واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ ایک میگا پراجیکٹ ہے جو عوامی فلاح بہبود کا انقلابی منصوبہ ہے جس کی تکمیل سے دیہی آبادیوں کو صاف پینے کا پانی فراہم ہوگا۔ کمشنر نے کوآنہ میں پراجیکٹ کی سائٹ کا دورہ بھی کیا۔ قبل ازیں انہوں نے جھال خانوانہ میں جائیکا کے تعاون سے واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کا دورہ کیا۔ ایم ڈی نے بتایا کہ 5 ملین گیلن روزانہ سے 2 لاکھ سے زائد آبادی پینے کے پانی سے مستفید ہو رہی ہے۔ پراجیکٹ مکمل اور واسا فیصل آباد کے ہینڈ اوور ہے۔

بقیہ نمبر 34

کے نشانہ بنانا کھڑی ہے اس بزدلانہ اور قابل مذمت کارروائی پر عالمی برادری اور او آئی سی کو فوری اور مؤثر نوٹس لینا چاہیے تاکہ آئندہ ایسے ناپاک عزائم کی روک تھام یقینی بنائی جاسکے۔ عالم اسلام اس بات پر متفق ہے کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ ہماری ریڈ لائن ہیں اور کسی کو بھی ان مقدس مقامات کی حرمت پامال کرنے یا ان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ انہوں نے کہا کہ مقدس سرزمین کے

امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش ناقابل قبول ہے اور ایسے عناصر کو بین الاقوامی سطح پر جوابدہ بنایا جانا چاہیے۔ حرمین شریفین کی سلامتی پوری امت مسلمہ کے لئے غیر معمولی اہمیت رکھتی ہے اور اس معاملے پر کسی قسم کی مصلحت یا خاموشی اختیار نہیں کی جاسکتی۔

بقیہ نمبر 35

رہنما وقار مہدی، جماعت اسلامی کے رہنما و رکن سندھ اسمبلی محمد فاروق، ایم کیو ایم کے رہنما فاروق ستار، آسیہ اسحاق اور دیگر سیاسی و سماجی شخصیات نے زخمی پاکستانیوں کا استقبال کیا۔ اس موقع پر زخمیوں کو پھولوں کے گلدستے پیش کیے گئے۔

بقیہ نمبر 36

ہے انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کو غیر مشروط طور پر لانگ مارچ ختم کرنا ہوگا۔ لانگ مارچ تصادم ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں امن وامان کی تشویشناک صورتحال ہے۔ فتنہ الخوارج اور دیگر کے حملوں میں عام لوگ پاک فوج کے جوان اور پولیس اہلکار شہید ہو رہے ہیں۔ مسلم لیگ ن نے جھوٹے مقدمات کے باوجود بھی کبھی لانگ مارچ نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے مطالبات پر بھی وقت آنے پر بات ہوگی۔ انہوں نے توقع کی کہ آج مذاکرات مکمل ہوں گے اور نتائج بھی بہتر ہوں گے۔

بقیہ نمبر 37

عقیدت پیش کرتے ہیں۔ علامہ عبدالرشید حجازی کا کہنا تھا کہ اساتذہ نہ صرف علم کے علمبردار بلکہ معاشرے کی فکری، اخلاقی اور روحانی تربیت کے معمار ہوتے ہیں۔ ان کی محنت اخلاص اور محبت ہی وہ سرمایہ ہے جو قوموں کی زندگی بدل دیتا ہے۔

بقیہ نمبر 38

سمیت تمام مکاتب فکر کے سینکڑوں افراد نے شرکت کی۔ دریں اثنا ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان علامہ عبدالرشید حجازی، خالد محمود اعظم آبادی، قاری محمد ارشد، قاری بشیر احمد عزیزی، چوہدری حبیب اللہ عطار، مولانا عبدالشکور کاظم، حبیب الرحمٰن بٹ و دیگر نے حاجی عبدالرشید کلیمی کی وفات پر گہرے رنج و غم اور دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند، انتہائی شریف طبع اور متحرک تنظیمی ساتھی تھے۔ ساری زندگی دینی امور کی اشاعت و خدمت میں معروف رہے ہم سب دعاگو ہیں کہ اللہ رب العزت مرحوم کی بشری خطاؤں کو معاف کرتے ہوئے انہیں جنت الفردوس اور ان کے لواحقین خصوصاً ڈاکٹر حسن رشید و حافظ عمر رشید کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

بقیہ نمبر 39

قدام کے تحت کراچی کی سائیکلنگ کمیونٹی، طبی ماہرین اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد ایک پلیٹ فارم پر جمع ہوئے۔

بقیہ نمبر 40

ہیڈ احمد بلال عارف نے بالخصوص اعلیٰ دینی تعلیم حاصل کرنیوالے طلبہ میں اسلامی بینکاری و مالیات کے فروغ کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ مفتی عبدالباسط، شریعہ اسکالر، میزان بینک لمیٹڈ نے اسلامی بینکاری کے بنیادی شرعی اصولوں، معاہدات، سود اور اس کی ممانعت، اسلامی مالیاتی طریقوں و مصنوعات اور جدید بینکاری میں شریعہ کمپلائنس کے طریقہ کار پر تفصیلی گفتگو کی۔ اسلامی اور رواجی بینکاری کے بنیادی فرق کو عملی مثالوں کے ذریعے بھی واضح کیا گیا۔ نشست کے بعد سوال و جواب کا ایک سیشن بھی منعقد ہوا۔ تقریب میں جامعہ کے منتظمین، جن میں مولانا زبیر اللہ شاہ، مولانا محمد عارف اور شیخ رحزی الحبیب۔ بھی شامل تھے

بقیہ نمبر 41

پر لائی جائے پمز ہسپتال اسلام آباد کے دل خراش واقعے سے سرکاری اداروں نے کوئی سبق حاصل نہیں جو کہ انتہائی افسوس ناک اور ہم سب کے لئے لمحہ فکریہ ہے تاجر برادری اور اہلیان فیصل آباد اس الم ناک رونما ہونے

والے سانحے کی شدید مذمت کرتی ہیں۔ تعلیمی اداروں میں آگ بجھانے والے آلات نہ ہونے کی وجہ سے ایسے واقعات کا رونما ہونا صوبائی حکومت اور یونیورسٹی انتظامیہ کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے شیخ اکرم پاشا نے کہا کہ تمام واقعہ کی شفاف تحقیقات کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں پڑھنے والی بچیاں اور بچے ہمارا سنہرا مستقبل ہے ان کے تحفظ کے لئے ہنگامی بنیادوں پر تعلیمی اداروں میں سیکورٹی انتظامات کئے جائیں انہوں نے کہا کہ خدانخواستہ آگ مزید پھیل جاتی تو جانی نقصان ہونے کا بھی اندیشہ تھا اللہ کا فضل ہوا کسی قسم کا کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ اگر فیسکو کی جانب سے کوئی غفلت، لاپرواہی یا سکولی کی ناقص بیٹری سامنے آتی ہے تو سخت سے سخت کارروائی عمل میں لائی جائے

بقیہ نمبر 42

پیپلز پارٹی سمیت ملکی جمہوری و عوامی جماعتوں کو اپنی ذمہ داری ادا کرنا ہوگی، ایک دوسرے پر الزامات اور طعنے دینے کا سلسلہ بند کرنا ہوگا جبکہ جماعتوں کو چاپلوس پیدا کرنا بھی بند کرنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 43

کے امکانات زیر بحث آنے کے باوجود حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کا راستہ اختیار کیا گیا جو سیاسی مسائل کے حل کے لئے جمہوری اور پارلیمانی طریقہ کار کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ حالیہ مشاورت کے بعد حکومت نے پی ٹی آئی سمیت اپوزیشن سے بات چیت کے ذریعے کشیدگی کم کرنے کا فیصلہ کیا اس پورے عمل میں صدر مملکت آصف علی زرداری کی سیاسی بصیرت، آئینی اداروں کے احترام اور جمہوری طرز عمل کو نمایاں طور پر دیکھا جا سکتا ہے ایسے حالات میں سیاسی قوتوں کے درمیان رابطہ اور مذاکرات کشیدگی کم کرنے کا ذریعہ بن سکتے ہیں پاکستان کو محاذ آرائی کے بجائے سیاسی برداشت، آئینی بالادستی پارلیمانی عمل اور بامعنی مذاکرات کی ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 44

جنرل ایکسٹینشن ڈاکٹر سید ندیم بدر محمد ایڈیشنل سیکرٹری (ایڈمن)، ڈاکٹر محمد عثمان طاہر ایڈیشنل سیکرٹری (ٹیکنیکل)، ڈاکٹر سجاد حسین (ستارہ امتیاز) ڈائریکٹر جنرل ریسرچ، ڈاکٹر کنور محمد نعیم ڈائریکٹر جنرل پروڈکشن اور ڈاکٹر خالق شفیع ڈائریکٹر کمیونیکیشن سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے ڈاکٹر حیدر علی خان کی پیشہ ورانہ صلاحیت، دیانت داری، ٹیم ورک اور انتھک خدمات کو شاندار خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ نمبر 45

کا الزام لگادیا۔ ایک بیان میں اختیار ولی نے کہا کہ دہشت گردی کے سہولت کاروں کے خلاف وقت ضائع کیے بغیر کارروائی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی کا مارچ اب خیبر پختونخوا میں گول گول گھومتا نظر آئے گا۔

بقیہ نمبر 46

اس نظم میں جداگانہ انتخاب 1979 کے نفاذ اور 1990 کی دہائی سے 2001 تک اس کی بحالی کے لیے چلائی جانے والی مہم کا جائزہ لیا گیا ہے۔ تاریخی حقائق اور حنا جیلانی، کارڈینل جوزف کوٹس، ڈاکٹر چارلس امجد علی اور ڈاکٹر یعقوب بھٹی سمیت ایک درجن سے زائد انٹرویوز پر مبنی یہ فلم مخلوط طرز انتخاب کی مہم میں شامل سیاسی رہنماؤں، سول سوسائٹی کی شخصیات، مذہبی رہنماؤں اور انسانی حقوق کے کارکنوں کے خیالات کو یکجا کرتی ہے۔ لالہ روبن ڈینیئل انسانی حقوق کی معروف کارکن، پرویز بھٹی وائس چیئرمین یوسی 2، جاوید انجم غوری نائب صدر پی ایم ایل این، نعیم یعقوب رہنما پی پی پی، شازیہ جارج انسانی حقوق کارکن، طاہرہ انجم پی پی پی یوتھ بھی نوجوان لیڈر، یوسف عدنان، یاسر طالب اور ناصرو ادارہ برائے سماجی انصاف نے مخلوط طرز انتخاب کے تحت اقلیتوں کی سیاسی شرکت اور مرکزی دھارے کی سیاست میں ان کی نمائندگی کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر گفتگو کی۔ تقریب میں صحافت، تعلیم، سول سوسائٹی اور انسانی حقوق کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔

بلدیہ مستحکم ۔ پنجاب مستحکم

District Council Faisalabad

Tel: 041-9201395 Email: codcfsd@gmail.com

INVITATION OF BIDS

The District Council, Faisalabad invites electronic bids (E-Bids) from eligible, experienced, financially sound and tax-registered firms/contractors/suppliers for the following work for the Financial Year 2026–27 through the Punjab e-Procurement System (Punjab e-PS) in accordance with the applicable provisions of the Punjab Procurement Rules, 2014 (as amended) and the Punjab Procurement Regulations, 2024 (as amended).

Sr. No.	Name of Work	Estimated Cost Rs.	5% CDR Amount Rs.
1	Laying of PCC Different Streets of Bhutto Basti at Chak No.39/GB Satyana Faisalabad	8994000	449700

Terms & Conditions:-

1. Detailed bidding documents, technical specifications, and eligibility criteria are available on the Punjab e-Procurement System (Punjab e-PS).
2. Bids shall be submitted electronically through the Punjab e-PS up to 10:00 AM on 26-10-2026. The bids will be opened on the same day at 11:00 AM in the office of the Chief Officer, District Council, Faisalabad, in the presence of the Tender Opening Committee and the bidders or their authorized representatives who wish to attend.
3. Only electronic bids submitted through the Punjab e-PS shall be accepted. Manual or hard-copy bids shall not be entertained.
4. Procurement shall be carried out under the Single Stage – Single Envelope bidding procedure in accordance with the Punjab Procurement Rules, 2014 (as amended).
5. A Bid Security equivalent to 5% of the estimated cost/value shall be submitted electronically through the Punjab e-PS. Physical financial instruments such as CDRs, Pay Orders, Demand Drafts or Bank Guarantees shall not be accepted in compliance with letter No. SO(I&C-I)5-4/2024 dated 19.05.2026, government of Punjab, Implementation and Coordination Wing, S&GAD.
6. Incomplete, incorrect, illegible, corrupted, virus-infected, or improperly submitted bids shall be rejected.
7. If the scheduled date for opening of bids falls on a public holiday, the bids shall be opened on the next working day at the same time and venue.
8. The Procuring Agency reserves the right to accept or reject any or all bids in accordance with the provisions of the Punjab Procurement Rules, 2014 (as amended) and the Punjab Procurement Regulations, 2024 (as amended).
9. The rates of all items shall be quoted on the prescribed form uploaded as the Official Bid on the e-Procurement Punjab portal.
10. The Tender/Bids is also available on the Punjab e-Procurement System and PPRA website also. The URL is: https://eproc.punjab.gov.pk/views/tender.aspx. The response period shall be calculated from the date of publication of this Tender Notice.

IPL:10478

FIDA IFTIKHAR MIR
Chief Officer
District Council Faisalabad

اشتہار برائے نیلام عام

شعبہ اصلاح آبپاشی فیصل آباد، محکمہ زراعت (اصلاح آبپاشی) کے درج ذیل کھالہ جات کے میٹریل کی نیلامی "جیسا ہے، جہاں ہے" کی بنیاد پر درج ذیل تاریخ کو دن 11:30 بجے منعقد کی جائے گی۔

براہ رابطہ نمبر	تاریخ نیلامی	مقام نیلامی	تحصیل	کھالہ جات		نمبر شمار
0300-6685030	14.10.2026 بروز بدھ	دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (اصلاح آبپاشی) نیو سلطان روڈ، چنیوٹ	لالیاں	لالیاں	19300/TL	1
			بھوانہ	198-JB	12636/TR	2
				82-GB	68729/L	1
0305-7435364	15.10.2026 بروز جمعرات	دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (اصلاح آبپاشی) [illegible] جھنگ روڈ فیصل آباد	فیصل آباد	62-JB	62300/R	2
				69-JB	86336/R	3
				58-JB	46139/L	4
0306-4627827			جڑانوالہ	95-GB	10988/R	5
				117-GB	16310/TR	6
0300-7670385			سمندری	221-GB	28632/R	7
				217-GB	35007/L	8
			تاندلیانوالہ	483-GB	13653/L	9
0315-7433318	16.10.2026 بروز جمعہ	دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (اصلاح آبپاشی) [illegible] روڈ جھنگ	جھنگ	روڈ [illegible]	12983/R	1
				[illegible]	91810/L	2
0333-6503474			شورکوٹ	شورکوٹ [illegible]	12200/L	3
0300-6633803			احمد پور سیال	[illegible]	91961/TR	4
0300-6564457			ٹوبہ ٹیک سنگھ	393-JB	72800/L	1
				310-GB	25671/L	2
				258-GB	91151/L	3
0332-6585924	17.10.2026 بروز ہفتہ	دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (اصلاح آبپاشی) 30 [illegible] ٹوبہ ٹیک سنگھ	گوجرہ	244-GB	29150/R	4
				280-GB	8351/L	5
				431-JB	45416/R	6
0300-6717370			کمالیہ	685/25-GB	149942/R	7
				348-GB	33770/R	8
0342-8417382			پیر محل	761-GB	8600/L	9
				367-JB	40990/L	10

شرائط و ضوابط

[illegible]

www.ofwm.agripunjab.gov.pk

المشتہر: چوہدری عاصم رفیق

ڈائریکٹر زراعت (اصلاح آبپاشی) فیصل آباد

فون نمبر 041-9201727

IPL-10481

Scanned with CamScanner

سرفیس واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ پراجیکٹ جون 2027ء تک مکمل ہو گا

6 لاکھ سے زائد دیہی علاقوں کے عوام کو صاف پینے کا پانی فراہم ہو گا' کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے آدا گت کے مقام پر سائٹ کا دورہ کیا

فیصل آباد کی تاریخ میں اتنی بڑی سرمایہ کاری اس سے پہلے کبھی نہیں ہوئی اور یہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا ویژن ہے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پنجاب حکومت اور فرانسیسی ڈویلپمنٹ ایجنسی کے اشتراک سے 22 ارب روپے کی لاگت سے سرفیس واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ پراجیکٹ جون 2027ء میں مکمل جس کی بدولت 30 ملین گیلن پانی روزانہ واسا فیصل آباد کے سسٹم میں شامل ہو گا اور 6 لاکھ سے زائد دیہی علاقوں کے عوام کو صاف پینے کا پانی فراہم ہو گا۔ کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے آدا گت کے مقام پر سائٹ کا دورہ کیا اور پائپ لائن بچھانے کے جاری کاموں کا جائزہ لیا۔ میٹنگ ڈائریکٹر واسا ثاقب رضا اور فرانسیسی ڈویلپمنٹ ایجنسی کے نمائندوں نے منصوبہ کی تازہ ترین پیشرفت سے آگاہ کیا۔ ایم ڈی نے بتایا کہ فیصل آباد کی تاریخ میں اتنی بڑی سرمایہ کاری اس سے پہلے کبھی نہیں ہوئی اور یہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا ویژن ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پراجیکٹ کی تکمیل سے پانی کی فراہمی 30 فیصد تک بڑھ جائے گی۔ پراجیکٹ پر تعمیراتی کام چینی انجینئرز اور ماہرین کی زیر نگرانی کیا جا رہا ہے اور تعمیراتی کام تسلی بخش ہے۔ کمشنر نے جاری کاموں پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ واسا کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 33)

پی ٹی آئی کو غیر مشروط طور پر لانگ مارچ ختم کرنا ہو گا' خلیل طاہر

پی ٹی آئی کے مطالبات پر بھی وقت آنے پر بات ہو گی



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) مسلم لیگ ن مینارٹیز ونگ پنجاب کے صدر سینیٹر سردار خلیل طاہر سندھو نے کہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان ہونے والے مذاکرات قانون اور اصول کے مطابق ہوں گے۔ سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق سیاسی بصیرت رکھنے والے سیاستدان ہیں جبکہ ایوان زیریں ایوان بالا کے اپوزیشن لیڈرز اور چیئرمین پی ٹی آئی کی سوچ بھی مثبت ہونی چاہئے۔ جاری بیان میں ان کا کہنا تھا کہ ملک کے موجودہ حالات کسی طرح بھی چپقلش کے نہیں سیاسی اور قانونی مسائل کا حل مذاکرات (باقی صفحہ اندرونی نمبر 36)

حوثی باغیوں کا مدینہ منورہ پر حملہ اسلام پر حملہ ہے' شاہد بیگ، محمد علی بخاری

حرمین شریفین کے تحفظ کیلئے ہر طرح کی قربانی دینے کیلئے تیار ہیں' کسی بھی قوت کو حرمین شریفین کی حرمت و تقدس پامال کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی

حرمین شریفین مسلمانوں کیلئے انتہائی مقدس مقامات ہیں اور ان کی عزت و حرمت اور اس کے تقدس کے تحفظ و دفاع کیلئے امت مسلمہ متحد ہے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن سٹی کے سابق جنرل سیکرٹری شاہد محمود بیگ اور ممبر سنٹرل کونسل سید محمد علی بخاری نے حوثی باغیوں کی طرف سے سعودی عرب کی مختلف تنصیبات پر مسلسل میزائل اور ڈرون حملوں کے بعد اب مسجد نبوی شریف کو بجلی سپلائی کرنے والے طیبہ گرڈ سٹیشن پر بھی میزائل حملہ کی شدید مذمت اور غم و غصہ کا اظہار کرتے ہوئے اپنے مشترکہ بیان میں کہا یہ انتہائی افسوسناک اور خدا کے غضب کو دعوت دینے کے مترادف ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ حرمین شریفین مسلمانوں کیلئے انتہائی مقدس مقامات ہیں اور ان کی عزت و حرمت اور اس کے تقدس کے تحفظ و دفاع کیلئے امت مسلمہ متحد ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ حرمین شریفین کے تحفظ کیلئے ہر طرح کی قربانی دینے کیلئے تیار ہیں اور کسی بھی قوت کو حرمین شریفین کی حرمت و تقدس پامال کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ مکہ دفاعی معاہدہ کے تحت حوثی باغیوں کے خلاف سہ ملکی افواج کی طرف سے فوری مشترکہ آپریشن کیا جائے۔ انہوں نے کہا وہ حرمین شریفین کے تحفظ کیلئے پاک فوج کے شانہ بشانہ ہیں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 24)

اساتذہ قوموں کی تعمیر و ترقی کے معمار ہیں، علامہ عبدالرشید حجازی

ان کی محنت اخلاص اور محبت ہی وہ سرمایہ ہے جو قوموں کی زندگی بدل دیتا ہے



فیصل آباد (پ ر) ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان علامہ عبدالرشید حجازی اور خالد محمود اعظم آبادی نے یوم اساتذہ کی مناسبت سے اپنے ایک بیان میں کہا کہ معاشرے کی اصلاح اور قوموں کی تعمیر و ترقی میں اساتذہ کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ دنیا کے سب سے بڑے استاد معلم کائنات حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شخصیت ہے۔ جنہوں نے ذلت و رسوائی اور گمراہی میں ڈوبی ہوئی قوم کو کتاب و حکمت سکھا کر دنیا کا رہبر و رہنما بنا دیا تھا۔ آج ہم سب دینی و دنیاوی معزز اساتذہ کرام کو سلام (باقی صفحہ اندرونی نمبر 37)



فیصل آباد۔ کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ ادا گت کے قریب فرانسیسی ڈویلپمنٹ ایجنسی اور حکومت پنجاب کے اشتراک سے سرفیس واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کے زیر تعمیر پراجیکٹ اور کوآنہ میں سائٹ کا دورہ کر کے بریفنگ لے رہے ہیں

حاجی عبدالرشید کلیمی انتقال کر گئے، نماز جنازہ میں سینکڑوں افراد کی شرکت

مرحوم صوم و صلوٰۃ کے پابند، انتہائی شریف طبع اور متحرک تنظیمی ساتھی تھے



فیصل آباد (پ ر) مرکزی جمعیت اہلحدیث فیصل آباد کے رہنما ڈاکٹر حسن رشید اور حافظ عمر رشید کے والد محترم حاجی عبدالرشید کلیمی مختصر علالت کے باعث گزشتہ روز انتقال کر گئے تھے ان کی نماز جنازہ مرحوم کے صاحب زادے حافظ عمر رشید کی اقتدا میں اکبر آباد نزد الائیڈ موڑ جنازہ گاہ میں ادا کی گئی اور قریبی مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ نماز جنازہ میں کثیر تعداد میں علماء کرام، مرکزی جمعیت اہلحدیث و اہلحدیث یوتھ فورس کے رہنماں، شیوخ حضرات، سیاسی و سماجی شخصیات، عزیز و اقارب (باقی صفحہ اندرونی نمبر 38)



راولپنڈی: راجہ بازار ماڈل بازار میں رات کے اوقات میں شہریوں کی بڑی تعداد خریداری میں مصروف ہے

مدینہ منورہ پر حملہ مسلمانوں کے مقدس مقامات کی حرمت کی کھلی خلاف ورزی' ریاض الحق

پاکستانی قوم حرمین شریفین کے تحفظ کے لئے سعودی حکومت اور اتحادی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) رہنما پاکستان پیپلز پارٹی میاں ریاض الحق نے حوثیوں کی جانب سے مدینہ منورہ کے گرڈ اسٹیشن پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مدینہ منورہ جیسے مقدس و متبرک شہر کو نشانہ بنانا پورے عالم اسلام کے جذبات کو مجروح کرنے کے مترادف ہے، حوثیوں کے اس اقدام پر عالم اسلام میں شدید تشویش اور غم و غصہ پایا جاتا ہے، مدینہ منورہ پر حملہ مسلمانوں کے مقدس مقامات کی حرمت کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم حرمین شریفین کے تحفظ کے لئے سعودی حکومت اور اتحادی افواج (باقی صفحہ اندرونی نمبر 34)

بحری قزاقوں کے حملے میں جاں بحق و زخمی پاکستانیوں کی وطن واپسی پر کراچی ایئرپورٹ پر رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے

کراچی (این این آئی) بحری قزاقوں کے حملے میں جاں بحق اور زخمی ہونے والے پاکستانیوں کی وطن واپسی پر کراچی ایئرپورٹ پر رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے، جہاں گورنر سندھ نہال ہاشمی، وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ، صوبائی وزیر سعید غنی، پیپلز پارٹی کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 35)



فیصل آباد۔ ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق میونسپل لائبریری کا دورہ کر کے مطالعہ کرنے والے طالب علموں سے گفتگو کر رہے ہیں

کامیاب ممالک کی بنیاد جمہوریت پر ہے' بیرسٹر عامر

عرصہ دراز سے اشرافیہ اور بیورو کریسی مالی وسائل کو لوٹ رہی ہیں، ہائبرڈ نظام میں نہیں

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و ممبر سی ای سی بیرسٹر میاں عامر حسن نے کہا ہے کہ دنیا کے کامیاب ممالک کی بنیاد جمہوریت پر ہے اور پاکستان کے لئے بھی کامیابی جمہوری نظام میں ہے ہائبرڈ نظام میں نہیں عوامی حکمرانی اور قانون و انصاف کی بالادستی سے ہی عام آدمی کو بنیادی حقوق ملے گے عرصہ دراز سے اشرافیہ اور بیورو کریسی مالی وسائل کو لوٹ رہی ہیں، ہائبرڈ نظام میں نہیں۔ جب تک سیاستدان ایک دوسرے سے دست و گریباں رہیں گے ملک آگے نہیں بڑھ سکے گا، مقامی حکومتوں کے لئے این ایف سی میں 30 فیصد حصہ مختص کیا جائے

شکرگڑھ، محلہ قاسم پورہ میں آگ لگنے سے دو کمسن بھائی جھلس کر جاں بحق

نارووال (این این آئی) شکرگڑھ کے محلہ قاسم پورہ میں آگ لگنے سے دو کمسن بھائی جھلس کر جاں بحق ہو گئے۔ بتایا گیا ہے کہ شکرگڑھ کے علاقہ قاسم پورہ میں چھت کے اوپر دھان کی پرالی والے کمرے میں آگ لگنے سے دو کمسن بھائی تین سالہ شعبان، چار سالہ ولید (باقی صفحہ اندرونی نمبر 25)

حوثی باغیوں کیخلاف ناگزیر آپریشن کی ضرورت ہے' احسان طاہر

مکہ معاہدہ میں شامل تینوں ممالک کی افواج کو چاہیے کہ حوثیوں کا مکمل صفایا کرے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سٹی نائب صدر جمعیت علماء اسلام (ف) سینئر نائب صدر نکاح آسان موومنٹ سرپرست اعلیٰ سراج ایگرو ویلفیئر سوسائٹی ایگزیکٹو ممبر تحریک سنت نکاح رجسٹرڈ چوہدری احسان اللہ طاہر نے مدینہ منورہ میں مسجد نبوی کو بجلی فراہم کرنے والے گرڈ اسٹیشن پر حوثیوں کے ڈرون حملے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے انتہائی افسوسناک و شرمناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ اب حوثی باغیوں کے خلاف ناگزیر آپریشن کی ضرورت ہے۔ مکہ معاہدہ میں شامل تینوں ممالک کی افواج کو چاہیے کہ حوثیوں کا مکمل صفایا کرے جو کہ امریکہ و اسرائیل (باقی صفحہ اندرونی نمبر 26)

پاکستان کرسچن متحدہ امن کمیٹی برائے انسانی حقوق کا ہنگامی اجلاس

چکوال (سٹاف رپورٹر) پاکستان کرسچن متحدہ امن کمیٹی برائے انسانی حقوق کا ہنگامی اجلاس گذشتہ روز کمیٹی کے مرکزی دفتر چکوال میں منعقد ہوا جس میں انسانی حقوق سے تعلق رکھنے والی سبھی جماعتوں نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمیٹی کے چیئرمین (باقی صفحہ اندرونی نمبر 27)

فیصل بینک مسلسل تیسرے سال بائیک اے کاز سائیکل ریس کا ٹائٹل اسپانسر

کراچی (این این آئی) فیصل بینک لمیٹڈ (FBL) نے مسلسل تیسرے سال جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر (JPMC) کے اشتراک سے بائیک اے کاز 3، بریسٹ کینسر کو شکست دینے کیلئے مل کر پیڈل کریں سائیکل ریس میں بطور ٹائٹل اسپانسر شرکت کی۔ اس ال(باقی صفحہ اندرونی نمبر 39)


جامعہ الحسنین میں اسلامی بینکاری و مالیات کے حوالے سے آگاہی نشست کا اہتمام

نشست کا مقصد اسلامی بینکاری و مالیات، شریعہ اصولوں اور جدید بینکاری کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنا تھا

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) اسٹیٹ بینک آف پاکستان، بینکنگ سروسز کارپوریشن (ایس بی پی بی ایس سی) کے زیر اہتمام، جامعہ الحسنین میں اسلامی بینکاری و مالیات کے موضوع پر آگاہی و تربیتی نشست کا انعقاد کیا۔ نشست کا مقصد شرکاء میں اسلامی بینکاری و مالیات، شریعہ اصولوں اور جدید بینکاری و مالیاتی نظام میں ان کے عملی اطلاق کے حوالے سے آگاہی اور فہم کو فروغ دینا تھا۔ شعیب منیر، سینئر آفیسر سٹیٹ بینک آف پاکستان، فیصل آباد نے شرکاء کا خیر مقدم کرتے ہوئے نشست کے مقاصد سے آگاہ کیا، جبکہ ایس بی پی بی ایس سی فیصل آباد کے ڈویژنل (باقی صفحہ اندرونی نمبر 40)

پٹرولیم لیوی بھتہ ٹیکس کے خاتمے تک عوام پاکستان چین سے نہیں بیٹھے گی

قوم کو پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے حوالے سے جلد خوشخبری سنائی جائے گی



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے تحصیل صدر جڑانوالہ و امیدوار ایم پی اے رائے شہادت خاں کھرل، پی پی پی سٹی بچیانہ کے صدر ندیم اقبال بھٹی نے کہا کہ پٹرولیم لیوی بھتہ ٹیکس کروڑوں موٹر سائیکل سوار اور بائیکیا رائیڈر کے حق پر حکومتی ڈاکہ ہے پٹرولیم لیوی بھتہ ٹیکس کے خاتمے تک عوام پاکستان چین سے نہیں بیٹھے گی، قوم کو پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے حوالے سے جلد خوشخبری سنائی جائے گی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 28)

حکومت روزانہ کی بنیادوں پر پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ کر رہی ہے، شہباز گلزار

حکومتی اخراجات میں کمی کر کے وسائل عوام کو براہ راست ریلیف پر خرچ کیے جائیں



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی سٹی کے رہنما و امیدوار پی پی 115 شہباز علی گلزار انصاری نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ حکومت روزانہ کی بنیادوں پر پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ کر رہی ہے جس کی وجہ سے ملک میں مہنگائی کا نہ رکنے والا طوفان آ چکا ہے آج پیٹرول کی فی لیٹر قیمت چار سو روپے تک جا پہنچی ہے میرا اس ناکام حکومت کو مشورہ ہے کہ آپ روز روز لوگوں کو مارنے کی بجائے ایک مرتبہ ہی مار دیں تا کہ عوام کی بھی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 29)

انتشار پسندی سے ملک و قوم کو کوئی فائدہ حاصل نہیں ہو گا' سدرہ بندیشہ

ارباب اختیار اور پی ٹی آئی ون لیگ کو صدر پاکستان آصف علی زرداری کی جمہوری اور مفاہمتی سوچ اپنانی ہو گی



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کی ٹکٹ ہولڈر و ینگ عوامی خاتون لیڈر سدرہ سعید بندیشہ نے کہا ہے کہ انتشار پسندی سے ملک و قوم کو کوئی فائدہ حاصل نہیں ہو گا ارباب اختیار اور پی ٹی آئی ون لیگ کو صدر پاکستان آصف علی زرداری کی جمہوری اور مفاہمتی سوچ اپنانی ہو گی عوام پاکستان موجودہ معاشی حالات سے بدول ہو چکے ہیں معاشرے کو بیدار کرنے کے لیے مختلف آوازوں کو ایک جگہ اکٹھا کرنا ہو گا پاکستان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 42)

ویمن جی سی یونیورسٹی میں آتشزدگی تشویشناک' اکرم پاشا

اسپارکنگ یا سکوٹی کی بیٹری پھٹنے سے رونما ہوا فی الفور تحقیقات کر کے رپورٹ منظر عام پر لائی جائے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پالما کے سابق چیئرمین شیخ اکرم پاشا نے کہا کہ ویمن جی سی یونیورسٹی مدینہ ٹاؤن میں میں آتشزدگی واقعہ میں طالبات کی 7 سکوٹیاں اور پک اینڈ ڈراپ کی سہولت کے لئے بڑی بس کا خاکستر ہونا انتہائی تشویشناک ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا ہے ویمن جی سی یونیورسٹی مدینہ ٹاؤن میں واقعہ بجلی کے تاروں کی اسپارکنگ یا سکوٹی کی بیٹری پھٹنے سے رونما ہوا فی الفور تحقیقات کر کے رپورٹ منظر عام (باقی صفحہ اندرونی نمبر 41)

سیاسی عدم استحکام ملکی معیشت کیلئے مسائل پیدا کر رہا ہے' اعجاز ورک

معاشی و سیاسی استحکام کے لیے تمام سیاسی دھاروں کو مل بیٹھ کر مذاکرات کرنا ہوں گے' مسلم لیگ ن ہمیشہ سے آئین اور جمہوریت پر کامل یقین رکھتی ہے

دشمن ملک پاکستان کے خلاف پراکسی وار کر رہا ہے، جبکہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے سکیورٹی حالات تشویشناک ہیں

فیصل آباد (پ ر) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما و سابق ممبر قومی اسمبلی چوہدری محمد اعجاز ورک ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ ملکی سیاسی کشیدگی کے معیشت پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں جس کے باعث غریب، محنت کش اور مزدور طبقہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 30)



فیصل آباد: ایس بی پی بی ایس سی کے زیر اہتمام جامعہ الحسنین میں اسلامی بینکاری و مالیات کے حوالے سے آگاہی سیشن سے مفتی عبدالباسط شریعہ اسکالر خطاب کر رہے ہیں اس موقع پر شعیب منیر، ڈویژنل ہیڈ احمد بلال عارف، مولانا محمد عارف، مولانا زبیر اللہ شاہ اور شیخ رمزی الحبیب سٹیج پر موجود ہیں

ہمیں معاشرے کی اصلاح کرنی چاہیے' غلام مصطفیٰ سلطانی

فرقہ وارانہ اور نفرت انگیز مواد کے خلاف موثر کارروائی کی جائے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان کے نامور مشائخ حضرت بابا جی غلام مصطفیٰ سلطانی نے کہا ہے کہ آج امت مسلمہ اور پاکستانی قوم قرآن و سنت سے تعلق چھوڑنے کی وجہ سے تنزلی کا شکار ہو چکی ہے جو کہ ہم سب کے لئے لمحہ فکریہ ہے سیرت رسول کریم ﷺ اور تعلیمات اہل بیت سے رہنمائی حاصل کرنا اور آقا کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی والہانہ محبت و عقیدت کو اجاگر موجودہ وقت کی ضرورت ہے۔ ہمیں معاشرے کی اصلاح کرنی چاہیے اور لوگوں کی بے لوث خدمت کرنی چاہیے

ملک کی خاطر حکومت اور اپوزیشن کو مذاکرات کی میز پر بیٹھایا' شکور گجر


سیاسی قوتوں کے درمیان رابطہ اور مذاکرات کشیدگی کم کرنے کا ذریعہ بن سکتے ہیں' سیاسی برداشت، آئینی بالادستی، پارلیمانی عمل اور بامعنی مذاکرات کی وقت کی ضرورت ہے

جاری سیاسی صورتحال خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی کے امکانات زیر بحث آنے کے باوجود حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کا راستہ اختیار کیا گیا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) خیبر پختونخوا اور پاکستان کی وسیع تر مفاد کی خاطر پی پی پی نے حکومت اور اپوزیشن کو مذاکرات کی میز پر بٹھایا ان خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور پی پی 114 کے ٹکٹ ہولڈر چوہدری شکور گجر نے کہا ہے کہ پاکستان کے وسیع تر مفاد میں سیاسی کشیدگی کو غیر معمولی آئینی اقدامات کی طرف لے جانے کے بجائے مذاکرات کی میز پر لانا ایک اہم جمہوری پیش رفت ہے انہوں نے کہا کہ جاری سیاسی صورتحال خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 43)

دنیا میں جمہوریت میں منتقلی پر لوگ ایمان کی حد تک یقین رکھتے ہیں' راجہ نادر

جب تک انتخابات کے نتائج سے متعلق تنازعات اور فارم 47 کے ذریعے حکومتیں بننے کا سلسلہ جاری رہے گا



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سابق وفاقی وزیر داخلہ راجہ نادر پرویز مرحوم کے صاحبزادے راجہ اسد نادر خاں نے کہا کہ دنیا میں جمہوریت میں منتقلی پر لوگ ایمان کی حد تک یقین رکھتے ہیں، ریاستی نظام کا مقصد عوام کو سکیورٹی، معاشی استحکام اور بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہوتا ہے، اس لیے گورننس کے نظام کو سیاسی جماعتوں اور جمہوری عمل کے ساتھ موثر طور پر جوڑنا ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتیں حکمرانی کے عمل میں اہم کردار ادا کرتی ہیں، اس لیے ان کے اندر بھی جمہوری رویوں اور ادارہ جاتی نظم کو فروغ دینا ضروری ہے

اختیار ولی نے سہیل آفریدی پر دہشت گردی میں سہولت کاری کا الزام لگا دیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے کوآرڈی نیٹر اختیار ولی نے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی پر خیبر پختونخوا میں دہشت گردی میں سہولت کاری (باقی صفحہ اندرونی نمبر 45)

ڈائریکٹر لائیوسٹاک فیصل آباد ڈویژن ڈاکٹر حیدر علی خان مدت ملازمت مکمل ہونے پر ریٹائر

فیصل آباد میں جدید ویٹرنری و تشخیصی سہولیات کے فروغ میں بھی ان کی نمایاں خدمات ہیں

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) ڈائریکٹر لائیوسٹاک فیصل آباد ڈویژن ڈاکٹر حیدر علی خان مدت ملازمت مکمل ہونے پر ریٹائر ہو گئے۔ 32 سال سے زائد شاندار سرکاری، انتظامی اور تحقیقی خدمات کے اعتراف میں ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک ڈاکٹر روبینہ انجم کی قیادت میں ٹیم لائیوسٹاک فیصل آباد نے کیا۔ ڈائریکٹر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 44)

پنجاب بھر میں عوام ٹیکسوں کے بوجھ تلے دبتی جا رہی ہے' لال حسین راشد

پراپرٹی ٹیکس میں بے تحاشا اضافہ ہرگز قبول نہیں خدارا عام شہریوں کے لئے آسانیاں پیدا کی جائے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پیپلز لیبر بیورو فیصل آباد کے ڈویژنل جنرل سیکرٹری لال حسین راشد، سینئر نائب صدر میاں ارشد ندیم، ڈویژنل سیکرٹری اطلاعات محمد طاہر شیخ سٹی جنرل سیکرٹری سید علی اکبر کاظمی چنتہ سٹی سیکرٹری اطلاعات ملک عمر حیات جمشید رانا مزمل حسین شاہد اقبال فرید و دیگر عہدیداران نے کہا کہ پنجاب بھر میں عوام ٹیکسوں کے بوجھ تلے دبتی جا رہی ہے پراپرٹی ٹیکس میں بے تحاشا اضافہ ہرگز قبول نہیں خدارا عام (باقی صفحہ اندرونی نمبر 31)

سینیٹ کے چیئرمین کی عدم موجودگی میں سیدال خان ناصر فرائض انجام دیں گے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی عدم موجودگی میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر چیئرمین سینیٹ کے فرائض انجام دیں گے۔ سید یوسف رضا گیلانی بین الپارلیمانی یونین (باقی صفحہ اندرونی نمبر 32)



راولپنڈی: جامع مسجد روڈ پر مخیر حضرات کی جانب سے قائم کردہ دسترخوان پر غریب و نادار افراد کھانا کھا رہے ہیں

یوتھ کرکٹ لیگ کوئٹہ لیگ میچز کا شاندار سلسلہ جاری

یوتھ کرکٹ لیگ کوئٹہ کا دسواں لیگ میچ 4 اکتوبر 2026 کو چاغی کیمپس کے درمیان کھیلا گیا۔ شاندار مقابلے کے بعد یونیورسٹی آف بلوچستان مقابلوں میں ٹیمیں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سیمی فائنل اور پھر



اسٹیڈیم، کوئٹہ کینٹ میں یونیورسٹی آف کی ٹیم نے 9 وکٹ سے کامیابی اپنے چیمپئن ٹرافی کی جانب پیش قدمی جاری



بلوچستان اور نسٹ یونیورسٹی بلوچستان نام کر لی۔ لیگ مرحلے کے آئندہ رکھیں گی۔

مخلوط طرز انتخاب کی تحریک پر دستاویزی فلم "ہم جدا نہیں" کی نمائش

اقلیتوں کو انتخابی نظام کا حصہ بنانا اس مقصد کے حصول کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) مخلوط طرز انتخاب کی تحریک پر دستاویزی فلم "ہم جدا نہیں" کی نمائش فیصل آباد: ادارہ برائے سماجی انصاف کی پیش کش دستاویزی فلم "ہم جدا نہیں" کی نمائش کا اہتمام فرسٹ یو پی چرچ وارث پورہ میں کیا گیا، جو جداگانہ انتخاب کے نظام کے خاتمے اور مخلوط طرز انتخاب کی بحالی کے لیے کی جانے والی تاریخی جدوجہد کی عکاسی کرتی ہے۔ پاکستان میں جداگانہ انتخاب کے 22 سال کے تجربے کے بعد 2002 میں مخلوط طرز انتخاب کو بحال کیا گیا تھا۔ یہ قدم اقلیتوں کے لیے مساوی شہریت اور سیاسی نمائندگی کی سمت ایک اہم پیش رفت تھا۔ ایوارڈ یافتہ فلم ساز داود اختر مراد اور پیٹر جیکب کے زیر ہدایت بننے والی 20 منٹ کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 46)

جرمنی میں رومی دور کا بڑا خزانہ دریافت، 934 چاندی کے سکے برآمد

ان سکوں کو شہنشاہ ہیڈرین کے دور سے متعلق اب تک کا سب سے بڑا سکوں کا خزانہ قرار دیا جا رہا ہے

برلن (این این آئی) مغربی جرمنی کے شہر ویزلنگ کے قریب ایک کھیت میں شوقیہ ماہر آثار قدیمہ نے دھاتی سراغ رساں آلے کی مدد سے رومی دور کے 934 چاندی کے سکے دریافت کر لیے، جنہیں جرمنی میں شہنشاہ ہیڈرین کے دور سے متعلق اب تک کا سب سے بڑا سکوں کا خزانہ قرار دیا جا رہا ہے۔ شوقیہ ماہر آثار قدیمہ اولیور ریڈل نے ایک سال قبل علاقے میں میٹل ڈیٹیکٹر کے ذریعے چند رومی سکے تلاش کیے تاہم، جب آلہ مسلسل سگنل دیتا رہا تو انہیں اندازہ ہوا کہ زمین کے نیچے مزید بڑی تعداد میں سکے موجود ہیں۔ اولیور ریڈل نے اس کے بعد متعلقہ حکام کو اطلاع دی، جس پر ماہرین آثار قدیمہ کی ٹیم نے موقع پر کھدائی شروع کی۔ ماہرین کو مجموعی طور پر 934 رومی چاندی کے دیناری ملے۔

GOVERNMENT OF PAKISTAN
MINISTRY OF DEFENCE
MILITARY LANDS AND CANTONMENTS DEPARTMENT, RAWALPINDI

SITUATION VACANT

Applications are invited from eligible candidates to fill up vacant post in Cantt Public Education System, located at Chenab Campus, Gujranwala Cantt: -

Name of Post	No of Post	Pre-Requisite
Montessori Teacher	01	**Qualification:** ● MA / MSc / BS (16 years education) ● BA/BSc (May also apply for Backward areas) ● 01x year Montessori Diploma (mandatory) from recognized institution. ● IT skills (MS Office, PPT, Excel) is mandatory **Experience:** 02 years Montessori level teaching **Age Limit:** 25 to 50 years.
Senior Teachers (English x01 Mathematics x01 Biology x01)	03	**Qualification:** ● MA / MSc / BS (16 years education) in relevant subject ● Preferably M.Phil / MS (18 years education) ● B.Ed / M.Ed (Preferable) ● IT skills (MS Office, PPT, Excel) is mandatory **Experience:** 03 years in reputed School & College **Age Limit:** 30 to 55 years.
Junior Teachers Mathematics x 02 Gen Science x02 Urdu x02 English x03	09	**Qualification:** ● MA / MSc / BS (16 years education) ● BA / BSc (May apply for Backward Areas) ● B.Ed (Mandatory), Preferable for backward areas ● IT skills (MS Office, PPT, Excel) is mandatory **Experience:** 3 years in reputed institute **Age:** 25-55 years
Islamiyat / Nazra Teacher	01	**Qualification:** ● BA in relevant subject (14 years education) ● Shadat Ul Aalmiya Fil Uloomal Arabia wal Islamiyat (16 years sanad) from HEC affiliated Wafaq Ul Madaris **Experience:** Minimum 2 year (mandatory) **Age limit:** 30-55 years

Term & Conditions: -

- Application must be submitted through career portal at https://careers.mlc.gov.pk or on email cbgujranwala@gmail.com within 15 days after the publication of this advertisement.
- Incomplete applications submitted without following proper procedure or after deadline shall not be entertained.
- Only shortlisted candidates will be called for written test & interview.
- Applicants shall submit attested copies of CNIC and verified degrees from HEC or other relevant department at the time of interview.
- The Post is non-transferable. The recruitment shall be on Contract Basis and shall remain as such.
- No TA/DA will be paid for appearing in test / interview.
- Details of package can be obtained from Cantt Board Gujranwala on phone number 0553866247.
- Upper age shall be calculated from the closing date of application.
- Individuals previously terminated or disengaged from any position / location in Cantt Public Education System are not eligible.
- Military Lands and Cantonments Department, Ministry of Defence reserves the right to postpone or cancel the hiring process at any stage without assigning any reasons.
- For any further query / information: 0553866247

PID(L)895/26

EDUCATION DIRECTORATE
Military Lands & Cantonments Department, Ministry of Defence
Pak Secretariat-II, Opposite Health Ways, Murree Road Saddar, Rawalpindi Cantt. (051)9274790

Scanned with CamScanner